★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | بتاریخ 3 رجب المرجب 1446ھ، 4 جنوری 2025ء 17 پوہ 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 79

مریم نواز سے چین کے وفد کی ملاقات، 7 بلین ڈالر سرمایہ کاری پر رضامندی

چینی حکومت پنجاب میں پلیٹ فارم سروس کمپنی بلڈنگ کیلئے بھی معاونت کریگی، فیز تھری میں انڈسٹریز کے قیام کیلئے لوکل انوسٹمنٹ میں معاونت کا جائزہ

چین کے تعاون سے پنجاب کو سب سے بڑا آرٹیفشل انٹیلی جنس سنٹر بنانا چاہتے ہیں، پنجاب بہت جلد خطے میں آئی ٹی ہب بنے گا: مریم نواز شریف



وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے چین کی اعلیٰ سطح کا وفد ملاقات کر رہا ہے

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے دورہ چین کے فوری ثمرات آنا شروع ہو گئے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف سے چین کی اعلیٰ سطح وفد نے پنجاب ہاؤس اسلام آباد میں ملاقات کی۔ جس میں چینگ ڈونگ ڈونگ جنرل کوآرڈینٹر برائے آئی سی ٹی ہب اسکارلٹ اور ڈپٹی ای او ہواوے مسٹر یو شامل تھے۔ چینگ ڈونگ 700 ملین ڈالر کی انوسٹمنٹ پر رضامندی کا اظہار کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے اصولی منظوری دے دی۔ چینگ ڈونگ مت کے تعاون سے ای۔ لیکسی (بقیہ نمبر 64)

پاکستان ایک ذمہ دار ملک اور عالمی امن کا داعی ہے: عاصم افتخار

سٹی کونسل کو فعال کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے، پاکستان اقوام متحدہ کے چارٹر پر عملدرآمد کے لیے ہر ممکن کردار ادا کرے گا

نیویارک (اسٹاف رپورٹر) اقوام متحدہ میں پاکستان کے ایڈیشنل مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ پاکستان ایک ذمہ دار ملک اور عالمی امن کا داعی ہے، عالمی تنازعات اور مسائل کے حل میں پاکستان کا کلیدی کردار ادا کرے گا۔ پاکستان اقوام متحدہ میں غیر مستقل رکن کی حیثیت (بقیہ نمبر 3)

پاکستان کو 2035ء تک ایک ہزار ارب ڈالر کی معیشت بنانا ہے: حسن اقبال

5 سالہ منصوبے اڑان پاکستان کا آغاز ہو گیا ہے، ماضی میں پاکستان میں اڑان پاکستان کے مواقع ضائع ہوتے رہے، اب ہم اڑان کا موقع ضائع ہونے نہیں دیں گے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، حسن اقبال کا کہنا ہے کہ پاکستان کو 2035ء تک ایک ہزار ارب ڈالر کی معیشت بنانا ہے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 6)

عمران صدیقی کی فضل الرحمان سے ملاقات، مذاکراتی عمل کی پیشرفت پر آگاہ کیا

سیاسی جماعتوں کے درمیان مذاکرات جمہوری عمل کا اہم جزو ہیں، افہام وتفہیم سے گریز اور مذاکرات سے انکار غیر جمہوری رویہ ہے، سربراہ جے یو آئی (ف)

بڑے بڑے مسائل مل بیٹھ کر آپس میں بات چیت کے ذریعے ہی طے کیے جا سکتے ہیں، پاکستان کو ہر اعتبار سے استحکام اور باہمی اتحاد کی ضرورت ہے، گفتگو

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) جمعیت علماء اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے سینئر مسلم لیگی رہنما سینیٹر عرفان صدیقی نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران سینیٹر عرفان صدیقی نے مولانا فضل الرحمان کو (بقیہ نمبر 6)

فتنۃ الخوارج کے مکمل خاتمے کا وقت آ چکا: وزیر اعظم



اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سوشل میڈیا پر جھوٹ کا طوفان نہ روکا تو تمام کاوشیں دریا برد ہو جائیں گی، پچھلے دو چار ہفتوں میں اسلام آباد پر جو یلغار ہوئی اس کے نتیجے میں سوشل میڈیا نے جھوٹ اور حقائق کو مسخ کرنے کا طوفان اٹھایا

ہمیں بخوبی علم ہے کہ بلوچستان میں پاکستان کے خلاف بُنی جانے والی سازشوں میں کون کون سے ممالک سپورٹ کر رہے ہیں، شہباز شریف کا نیشنل ایکشن پلان کی ایپکس کمیٹی کے اجلاس سے خطاب



وزیر اعلیٰ پنجاب کا سابق چیئرمین سینیٹ نیر حسین بخاری کے انتقال پر اظہار افسوس

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سابق چیئرمین سینیٹ اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما نیر حسین بخاری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے نیر حسین بخاری اور دیگر اللہ کو تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف کی صدارت میں نیشنل ایکشن پلان کی اپیکس کمیٹی کا اجلاس ہوا، اجلاس میں ملک کی داخلی سلامتی کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا، اجلاس کو بتایا گیا کہ فتنۃ الخوارج کے مکمل خاتمے کا وقت آ چکا ہے، اجلاس کو بتایا گیا کہ سوشل میڈیا پر جھوٹ اور حقائق کو مسخ کرنے کا طوفان اٹھایا گیا ہے، اجلاس کو بتایا گیا کہ سوشل میڈیا پر جھوٹ اور حقائق کو مسخ کرنے کا طوفان نہ روکا تو تمام کاوشیں دریا برد ہو جائیں گی، اجلاس کو بتایا گیا کہ پچھلے دو چار ہفتوں میں اسلام آباد پر جو یلغار ہوئی اس کے نتیجے میں سوشل میڈیا نے جھوٹ اور حقائق کو مسخ کرنے کا طوفان اٹھایا ہے، اجلاس کو بتایا گیا کہ ہمیں بخوبی علم ہے کہ بلوچستان میں پاکستان کے خلاف بُنی جانے والی سازشوں میں کون کون سے ممالک سپورٹ کر رہے ہیں، اجلاس کو بتایا گیا کہ شہباز شریف کا نیشنل ایکشن پلان کی ایپکس کمیٹی کے اجلاس سے خطاب (بقیہ نمبر 8)

قلیل مدتی مہنگائی میں مسلسل تین ہفتے اضافے کے بعد 0.26 فیصد کمی

لاہور (این این آئی) ملک میں قلیل مدتی مہنگائی میں مسلسل تین ہفتے اضافے کے بعد 0.26 فیصد کی کمی ہوئی جس (بقیہ نمبر 7)

پانچوں ہائی کورٹس میں 38 ججز کی تعیناتی نامزدگیاں جلد بھجوائی جائیں گی

اسلام آباد 4 سنہ 12 ہائی کورٹ میں 10 ایڈیشنل ججز تعینات کرنے کیلئے نامزدگیاں طلب

اسلام آباد (پیور رپورٹ) ملک کی پانچوں ہائی کورٹس میں 38 ججز کی تعیناتیوں کے حوالے سے جوڈیشل کمیشن میں آج نامزدگیاں بھجوائی جائیں گی۔ واضح رہے کہ اسلام آباد ہائی کورٹ میں 4 ایڈیشنل ججز کے لیے نامزدگیاں مانگی گئی ہیں، اسی طرح سندھ ہائی کورٹ میں 12 ایڈیشنل (بقیہ نمبر 9)

وقت آنے پر زرداری، نواز اور عمران بھی بیٹھ سکتے ہیں: راجہ پرویز اشرف

ملک میں جو غیر یقینی کی صورتحال ہے، معاشی بدحالی ہے اس کیلئے تمام جماعتوں کو بیٹھنا چاہیے، گفتگو سے ہی مسئلہ حل ہو سکتے ہیں۔ پی ٹی آئی کی مذاکراتی کمیٹی سے ملاقات کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے سابق چیئرمین سینیٹ رضا ربانی، راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ اس وقت مذاکراتی کمیٹی کا ماحول بہتر ہے، وقت آنے پر آصف علی زرداری، نواز شریف اور عمران خان (بقیہ نمبر 2)

بلوچیوں کو تکلیف ملے گا تو ملک جیل 9 مئی بنا ہوگا: عظمیٰ بخاری

کے پی کے وزیر اعلیٰ ہاؤس میں فسادیوں کے اعزاز میں تقریب، انہیں ہلہ شیری اور شاباش دی جاتی ہے 9 مئی دوبارہ دہرانے کے لئے تیار ہیں



لاہور وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری ڈی جی آر میں پریس کانفرنس کر رہی ہیں

لاہور (خبر نگار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ اگر ہوائیوں کو ریلیف ملے گا تو ملک میں بار بار 9 مئی جیسا سانحہ ہو گا، کے پی کے وزیر اعلیٰ ہاؤس میں فسادیوں کے اعزاز میں تقریب ہوئی ہے اور انہیں ہلہ شیری اور شاباش دی جاتی ہے، ان کے تاثرات ملک میں دوبارہ آگ لگانے کے لئے نظر آ رہے ہیں، ایسے لوگوں کو معافی نہیں ملنی چاہیے، عمران خان نے بھی اپنے اعمال پر معذرت نہیں کی، بانی پی ٹی آئی نے زندگی میں (بقیہ نمبر 15)

بجلی چوری الزامات، لیسکو کا انکوائری رپورٹ میں سہیل شوکت بٹ کو کلین چٹ

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کی تحقیقاتی ٹیم نے سہولتی (بقیہ نمبر 11)

روبینہ خورشید کا پاکستان میں موسمیاتی کمزوریوں سے نمٹنے کیلئے مشترکہ کوششوں پر زور

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کی کوآرڈینیٹر برائے موسمیاتی (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد کے تھانہ آئی نائن پر اٹک حملہ کیس کے ڈپٹی ٹیم کے مطابق گرفتار (بقیہ نمبر 33)

عمران خان 2025 میں جیل سے رہا ہو جائیں گے، سعید غنی کا دعویٰ

سیاست میں کردار ختم ہو جائے گا، بانی پی ٹی آئی اپنا پیژ و خورفرق کرتے ہیں، وزیر بلدیات سندھ

کراچی (پیور رپورٹ) سندھ کے وزیر بلدیات سعید غنی نے بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان کے متعلق دعویٰ کیا ہے کہ وہ 2025 میں جیل سے رہا (بقیہ نمبر 27)



لاہور ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام چہلم امام بارگاہ کے موقع پر وکلا کا گروپ فوٹو

6 ماہ میں معلوم ہو جائے گا سول نافرمانی تحریک کے کیا اثرات ہیں: پی ٹی آئی

6 جنوری کو عمران خان کو سزا ہو جاتی ہے تو بھی مذاکرات جاری رہیں گے، 3 ماہ میں معلوم ہو جائے گا سول نافرمانی تحریک کے کیا اثرات ہیں، سیکریٹری اطلاعات وقاص اکرم شیخ

سول نافرمانی کی تحریک ملک نہیں بوگس حکومت اور نااہل وزیر اعظم کے خلاف ہے، بانی چیئرمین کو معلوم ہے سول نافرمانی تحریک سے لوگوں کو مشکلات ہیں، میڈیا سے گفتگو

(پیور رپورٹ) پی ٹی آئی کے سیکریٹری اطلاعات وقاص اکرم شیخ نے کہا ہے کہ عمران کو سزا ہو بھی جاتی ہے تو مذاکرات کا عمل جاری رہے گا، مذاکرات جو مطالبات پیش کئے گئے ہیں

پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کے سیکرٹری جنرل نیر حسین بخاری کی اہلیہ انتقال کر گئیں

لاہور (نیوز رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کے سیکرٹری جنرل سینیٹر نیر حسین بخاری کی اہلیہ انتقال کر گئیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی دسمی پنجاب کی قیادت نے سینیٹر نیر حسین بخاری (بقیہ نمبر 24)

اسٹیٹ لائف انشورنس کے تحت صحت کارڈ جون 2025 تک چلے گا

لاہور (این این آئی) اسٹیٹ لائف انشورنس کے تحت صحت کارڈ جون 2025 تک چلے گا۔ حکومت کی جانب سے (بقیہ نمبر 3)

پی ٹی آئی کی رہائی کمیٹی کے بس میں نہیں، امیر مقام

بانی پی ٹی آئی کی رہائی پر بحث ہو بھی نہیں سکتی تحریک انصاف عدالت سے رجوع کروائے، انٹرویو

اسلام آباد (پیور رپورٹ) مسلم لیگ ن کے رہنما امیر مقام نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی رہائی بات چیت کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 4)

کرم میں اسلحہ جمع کرانے کیلئے پرسوں 15 روز میں حتمی عمل کریں گے، سیمر سٹریف

بگڑ گرانے کے بعد لشکر کشی کرنے والے فریق کو دشمن سمجھ کر کارروائی کی جائیگی، مشیر اطلاعات

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا نے کہا ہے کہ کرم میں اسلحہ جمع کرنے کے لیے فریقین 15 دنوں میں مرحلہ وار عمل کریں گے۔ سیمر سٹریف نے کہا کہ کرم میں امن کے حوالے سے جرگہ کے فیصلے کو حتمی اتھارٹی تسلیم کرتے ہیں، انجمن تاجران کرم کو اسلحہ جمع کرانے کے لیے 15 دن کا وقت دیا گیا ہے، انجمن تاجران کرم کے فیصلے کے مطابق اسلحہ جمع کرانے کے لیے تیار ہیں، ہم نے کرم میں امن کے لیے ہر ممکن کوشش کی

روزنامہ قوت لاہور
میاں محمد فیاض
سٹی نیوز



صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا اور ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کے ہمراہ داتا دربار کے اطراف سڑکوں کی ری ماڈلنگ کا جائزہ لے رہے ہیں

صوبائی دارالحکومت لاہور میں مذہبی سیاحت کی فروغ کیلئے اہم اقدام

وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین کا ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا اور ڈی جی ایل ڈی ایطاہر فاروق کے ہمراہ داتا دربار کا دورہ

وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین نے داتا دربار کے اطراف، ٹریفک بہاؤ ،تجاوزات کے خاتمے اور سڑکوں کی ری ماڈلنگ کا جائزہ لیا

لاہور (خبر نگار) وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین نے ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا اور ڈی جی ایل ڈی ایطاہر فاروق کے ہمراہ داتا دربار کا دورہ کیا. وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین نے داتا دربار کے اطراف، ٹریفک بہاؤ ،تجاوزات کے خاتمے اور سڑکوں کی ری ماڈلنگ کا جائزہ لیا. ڈی سی لاہور اور ڈی جی ایل ڈی اے نے وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین کو داتا دربار اور گردونواح میں ترقیاتی کاموں بارے بریفنگ دی. داتا دربار کی توسیع اور عالمی معیار کے مطابق تعمیر کیلئے تجاویز طلب کرلیا گیا. وزیر ہاؤسنگ نے کہا کہ سڑکوں کی بندش ،تجاوزات اور غیر قانونی پارکنگ کا خاتمہ یقینی بنایا جائے اور داتا دربار کے نواحی حصوں کو بھی مزید روشن اور خوبصورت بنایا جائے گا، وزیر ہاؤسنگ نے ڈی جی ایل ڈی اے کو میٹرو اسٹیشن اور ملحقہ سڑکوں کی ری ماڈلنگ پلان بنانے کی ہدایت کی. صوبائی وزیر بلال یاسین نے ضلعی انتظامیہ ، ٹریفک پولیس، محکمہ اوقاف اور ایل ڈی اے کو متفقہ تجاویز پر عملدرآمد کی ہدایت بھی کی. بلال یاسین نے کہا کہ داخلی راستوں کو صوفی آرٹ سے مزین اور سیف سٹی کیمروں سے مانیٹرنگ کی جائے گی . وزیر ہاؤسنگ نے کہا کہ مذہبی سیاحت و ثقافت کے فروغ کیلئے داتا دربار سے ملحقہ زمین واگزار کرائی جائے گی. بلال یاسین نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر لاہور کی پہچان، داتا دربار کو اسٹیٹ آف دی آرٹ بنایا جائے گا. اس موقع پر چیف انجینئر ایل ڈی اے، سی او ایم سی ایل، ٹریفک پولیس، ضلعی انتظامیہ، اوقاف اور دیگر محکموں کے افسران بھی موجود تھے.

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر صدارت اجلاس منعقد

اجلاس میں سنگین جرائم میں ملوث خطرناک اشتہاری مجرموں کی گرفتاری کے اہداف کا جائزہ لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر صدارت سنٹرل پولیس آفس لاہور میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سنگین جرائم میں ملوث خطرناک اشتہاری مجرموں کی گرفتاری کے اہداف کا جائزہ لیا گیا۔ ایڈیشنل آئی جی انوسٹی گیشن پنجاب اظہر اکرم، ڈی آئی جی آپریشنز وقاص نذیر، اے آئی جی آپریشنز اور اے آئی جی مانیٹرنگ سمیت سینئر افسران بھی اجلاس میں موجود تھے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ہیڈ منی والے اشتہاری مجرمان کی سرکوبی کے لئے اقدامات تیز کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ ٹاپ ٹین لسٹوں کے اشتہاری مجرموں کی گرفتاری یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ ریڈ بک میں شامل مفرور اشتہاریوں کی گرفتاری کے لئے ایف آئی اے اور انٹرپول سمیت قانون نافذ کرنے والے اداروں سے کوارڈینیشن کو بڑھایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلیک بک میں شامل مفرور اشتہاریوں کی گرفتاری کے لئے انوسٹی گیشن ، آپریشنز ونگز اور آرگنائزڈ کرائم یونٹ مشترکہ لائحہ عمل اپنائیں جبکہ سنگین جرائم کے اشتہاریوں کی گرفتاری کے لیے انٹیلی جنس ہیڈ آپریشنز جاری رکھے جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سنگین جرائم میں ملوث خطرناک اشتہاری مجرمان کو گرفتار کرنے والی ٹیموں کو ریوارڈ بھی دیئے جائیں گے۔

صوبائی وزیر صحت پنجاب فارمیسی کونسل کا تفصیلی دورہ

پنجاب فارمیسی کونسل کو مکمل طور پر آٹومیشن پر لے جانا چاہتے ہیں، خواجہ سلمان رفیق

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے پنجاب فارمیسی کونسل کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی سیکرٹری ٹیکنیکل محکمہ سپیشلائز ڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن ڈاکٹر عبدالرحمٰن بھی صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کے ہمراہ تھے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے پنجاب فارمیسی کونسل میں ایک اہم اجلاس کی صدارت بھی کی۔ اجلاس میں پنجاب فارمیسی کونسل کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں پنجاب فارمیسی کونسل کے سیکرٹری ڈاکٹر ذکاء الرحمٰن، رجسٹرار سید احمد نذیر گیلانی و دیگر عہدیداران نے شرکت کی۔ سیکرٹری پنجاب فارمیسی کونسل نے صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کو ادارہ کی کارکردگی بارے بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب فارمیسی کونسل کو مکمل طور پر آٹومیشن پر لے جانا چاہتے ہیں۔ پنجاب کے میڈیکل کالجز اور یونیورسٹیز میں فاماسسٹس اور فارمیسی ٹیکنیشنیز کے کری کولم میں جدید مضامین شامل کروائیں گے۔ فاماسسٹس اور فارمیسی ٹیکنیشنیز کی کیپسٹی بلڈنگ کیلئے جدید تربیتی کورسز کروائے جائیں گے۔



معزز چیئرمین این آئی آر سی اسلام آباد کے 3112,2024 کو این بی پی آفیسرز یونٹی ایسوسی ایشن (رجسٹرڈ) پاکستان کے حق میں کیے گئے ایک تاریخ ساز فیصلہ پر ایمپلائر فرنٹ پنجاب (سی بی یو) کے صدر رضوان احمد خان، سیکرٹری جنرل محمد طارق گورسی و عہدیداران کا ایک عصرانے کی دعوت پر اظہار مسرت

ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کا گورنمنٹ گرلز ہائی سیکنڈری سکول چوہنگ کا اچانک دورہ

لاہور سکول میں بینظیر انکم سپورٹس سے متعلق قائم کیمپس کا تفصیلی جائزہ،

لاہور: (خبر نگار) ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے گورنمنٹ گرلز ہائی سیکنڈری سکول چوہنگ کا اچانک دورہ کیا اور سکول میں بینظیر انکم سپورٹس سے متعلق قائم کیمپس کا تفصیلی جائزہ لیا جائے، ڈی سی لاہور نے واضع ہدایت کی بینظیر انکم سپورٹس میں شفافیت کے معیار کو برقرار رکھا جائے. ڈی سی لاہور نے کہا کہ ملازمین اپنے کام کو نرمی اور رحمدلی کے ساتھ سرانجام دیں. انہوں نے کہا کہ بینظیر انکم سپورٹس میں اہل و مستحق افراد کے ساتھ مکمل تعاون کیا جائے، ڈی سی لاہور نے کہا کہ مستحق افراد کو مطلوبہ وظیفہ فراہم کیا جائے، ڈی سی لاہور نے کہا کہ غریب و نادار لوگوں کو مالی طور پر بااختیار بنانا بینظیر انکم سپورٹ کا بنیادی مقصد ہے، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ حکومت مستحق، غریب و نادار افراد کو مالی تعاون فراہم کرنے کے لئے پرعزم ہے.

لاہور سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں شدید دھند نے راستے گم کر دیئے

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں شدید دھند نے راستے گم کر دیئے جس کی وجہ سے موٹرویز بند رہیں جبکہ ٹرین اور فلائٹ شیڈول بری طرح متاثر رہا۔ شدید دھند کی وجہ سے جدہ سے اڑنے والی سعودی ایئر لائن کی پرواز ایس وی 738 کو لینڈنگ کی اجازت نہ ملی اور طیارے کا رخ اسلام آباد ایئرپورٹ کی جانب موڑ دیا گیا۔ شدید دھند کی وجہ سے کئی پروازیں گھنٹوں تاخیر کا شکار رہیں۔ شدید دھند کے باعث موٹرویز کو متعدد مقامات سے بند رکھا گیا، موٹروے ایم 2 لاہور سے کوٹ مومن تک، موٹروے ایم 3 لاہور سے عبدالحکیم، موٹروے ایم 4 پنڈی بھٹیاں سے ملتان تک، موٹروے ایم 5 شیر شاہ سے روہڑی تک جبکہ لاہور سیالکوٹ موٹروے ایم 11 پر بھی ٹریفک کو انٹری کی اجازت نہ ملی۔ دھند چھٹنے کے بعد موٹرویز کو مرحلہ وار کھول دیا گیا۔ شدید دھند کی وجہ سے شہروں کے اندر بھی ٹریفک کی روانی متاثر رہی۔ دوسری جانب شدید دھند کی وجہ سے ٹرینوں کا شیڈول بھی بری طرح متاثر رہا۔

بھائی نے بہن کو گرم پانی پھینک کر جلا ڈالا

متاثرہ خاتون اپنے شوہر کے ہمراہ میکے آئی ہوئی تھی، بھائی نے معمولی بات پر جھگڑا شروع کر دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) بھائی نے بہن کو گرم پانی پھینک کر جلا ڈالا. تفصیلات کے مطابق شیخوپورہ سے معمولی جھگڑے پر بہن کو سسرال کی کال ایمرجنسی 15 ہیلپ لائن موصول ہوئی۔ کالر نے بتایا کہ پر بھائی نے سگی بہن پر گرم پانی پھینک کر جلا ڈالا ہے۔ اطلاع موصول ہوتے ہی ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن نے پولیس کو موقع پر روانہ کیا۔ متاثرہ خاتون اپنے شوہر کے ہمراہ میکے آئی ہوئی تھی، بھائی نے معمولی بات پر جھگڑا شروع کر دیا۔ ترجمان سیف سٹیز اتھارٹی کا کہنا تھا کہ بھائی نے طیش میں آکر چولہے پر رکھا ہوا گرم پانی بہن پر پھینک دیا، خاتون کا جسم بری طرح جھلس گیا۔ پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے خاتون کو ہسپتال منتقل کیا۔ پولیس نے مقدمہ درج کرتے ہوئے ملزم کو حراست میں لے لیا۔ خواتین کسی بھی ظلم و زیادتی کی اطلاع فوری طور پر ہیلپ لائن 15 پر کال کر کے 2 دبائیں اور ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن پر دیں۔

لاہور شہر میں چوری و ڈکیتی کی متعدد وارداتیں

شہریوں سے لاکھوں روپے طلائی زیورات موبائل فون موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان چھین لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری و ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے طلائی زیورات موبائل فون موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان چھین لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق راوی روڈ میں اکرام سے 1 لاکھ 65 ہزار روپے اور موبائل فون۔ کاہنہ میں حمید سے 1 لاکھ 60 ہزار روپے اور موبائل فون، ٹاون شپ میں عامر سے 1 لاکھ 55 ہزار روپے موبائل فون اور دیگر سامان۔ ہربنس پورہ میں عفان سے 1 لاکھ 40 ہزار روپے اور موبائل فون، ستوکتلہ میں شبیر سے 1 لاکھ 35 ہزار روپے نقدی اور موبائل فون، غالب مارکیٹ میں مطلوب سے 1 لاکھ 30 ہزار روپے موبائل فون اور دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔ ڈیفنس اے اور شیراکوٹ سے گاڑیاں جبکہ باغبانپورہ نواب ٹاون اور سمن آباد سے موٹر سائیکلیں چوری ہوگئیں۔

کاہنہ کے علاقے میں فائرنگ سے 30 سالہ خاتون زخمی ہوگئی

لاہور (کرائم رپورٹر) کاہنہ کے علاقے میں فائرنگ سے 30 سالہ خاتون زخمی ہوگئی۔ پولیس کے مطابق نامعلوم ملزم نے گھر میں گھس کر فائرنگ کر کے خاتون کو زخمی کیا، لاشبہ کو ٹانگ پر گولی لگی جسے طبی امداد کیلئے جنرل ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق خاتون کی حالت حالت خطرے سے باہر ہے جبکہ معاملے کی تحقیقات کی جارہی ہیں۔



ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا گورنمنٹ گرلز ہائی سکول چوہنگ کے دورہ کے موقع پر

گلشن داؤد کا بہت برا حال ہے نہ سیوریج ہے نہ سوئی گیس نہ سٹریٹ لائٹس

آئے دن چوریاں ہونا معمول بن گیا ہے، شہری ارباز خان



لاہور (شہباز احمد بھٹی سے) تفصیلات کے مطابق جی ٹی روڈ منواں ٹریننگ سینٹر کی بیک سائیڈ پر گلشن داؤد میں ہر طرف کوڑا ہی کوڑا ہے گندھی گند ہے نہ سیوریج ہے نہ سوئی گیس کی لائن ہے نہ سٹریٹ لائٹس ہیں آئے دن چوریاں ہونا معمول بن گیا ہے قومی اسمبلی کا حلقہ سردار ایاز صادق کا ہے جو قومی اسمبلی کے اسپیکر بھی ہیں اور صوبائی حلقہ جو ہے یہ سہیل شوکت بٹ صاحب کا ہے جو منسٹر سوشل ویلفیئر بھی ہیں۔ گلشن داؤد کے رہائشی ارباز خان اور اہل علاقہ نے مخترمہ مریم نواز شریف صاحبہ وزیر اعلیٰ پنجاب۔ سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق صاحب۔ سہیل شوکت بٹ صاحب منسٹر سوشل ویلفیئر سے اپیل کی ہے کہ اس علاقے میں فوری طور پر ترقیاتی کام شروع کروائے جائیں۔

کمرشل فیس نادہندگان، غیر قانونی کمرشل عمارتوں، غیر قانونی تعمیرات، تجاوزات کے خلاف ایل ڈی اے کی خصوصی مہم جاری

مختلف سیکموں میں 26 املاک سربمہر، متعدد غیر قانونی تعمیرات مسمار، غیر قانونی سائن بورڈز ہٹا دیئے، سیل کی گئی املاک میں فوڈ پوائنٹ، ریستوران، نجی سکول، کیفے، دکانیں، دفاتر، سٹور و دیگر شامل ہیں

لاہور (خبر نگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایات پر ایل ڈی اے ٹیموں کا غیر قانونی کمرشل عمارتوں، کمرشل فیس نادہندگان، غیر قانونی تعمیرات اور تجاوزات کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر بھرپور آپریشن جاری ہے۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے گزشتہ روز مختلف علاقوں میں کارروائیاں کر کے 6 2 ملاک سربمہر، متعدد غیر قانونی تعمیرات مسمار اور متعدد املاک سے غیر قانونی بورڈز ہٹا دیئے۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے خیابان فردوسی جوہر ٹاؤن، بی او آر، گلبرگ، گارڈن ٹاؤن میں کارروائیاں کیں۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے آپریشن کے دوران خیابان فردوسی جوہر ٹاؤن، بی او آر میں تجاوزات اور غیر قانونی تعمیرات مسمار کر دیں، متعدد املاک سے غیر قانونی سائن بورڈز ہٹا دیئے۔ ٹیموں نے آپریشن کے دوران غیر قانونی دکانیں مسمار کر دیں، بجی بینک کی غیر کنورشن مسمار کر دی، پلاٹ نمبر 18 سی ون پر غیر قانونی دیواریں مسمار کر کے سٹور کو سیل کر دیا۔ بی بلاک جوہر ٹاؤن میں کیفے سیل اور خیابان فردوسی روڈ پر کمرشل فیس کی عدم ادائیگی پر متعدد املاک سے سائن بورڈز ہٹا دیئے۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے گلبرگ، گارڈن ٹاؤن میں 26 املاک سربمہر کر دیں۔ سیل کی گئی املاک میں فوڈ پوائنٹ، ریستوران، نجی سکول، کیفے، دکانیں، دفاتر، سٹور و دیگر شامل ہیں۔ آپریشن سے پہلے ان املاک کو متعدد نوٹسز دیئے گئے تھے۔ آپریشن چیف ٹاؤن پلانرون اسد الزمان اور چیف ٹاؤن پلانر ٹو اظہر علی کی زیر نگرانی کیا گیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر غیر قانونی کمرشل عمارتوں، کمرشل فیس نادہندگان کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔

☆☆☆☆☆

ایس پی ڈولفن شاہ میر خالد کی ڈی ایس پی ڈولفن وقار الحسن کے اعزاز میں تقریب کا انعقاد

لاہور (کرائم رپورٹر) ایس پی ڈولفن شاہ میر خالد کی ڈی ایس پی ڈولفن وقار الحسن کے اعزاز میں تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب کا اہتمام والٹن ہیڈ کوارٹرز میں کیا گیا۔ ڈی ایس پی وقار الحسن اپنی سروس پوری ہونے پر ریٹائر ہوگئے۔ ایس پی ڈولفن کی طرف سے ڈی ایس پی کو سوینئر اور اعزازی شیلڈ پیش کی گئی ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹرز و دیگر آفیسرز نے وقار الحسن کو مختلف تحائف پیش کیے۔ ڈی ایس پی وقار الحسن کا بطور پولیس آفیسر سروس کیریئر تابناک رہا۔ ڈی ایس پی ڈولفن وقار الحسن کو مکمل اعزازی پروٹوکول کے ساتھ روانہ کیا گیا۔ ایس پی ڈولفن شاہ میر خالد نے کہا کہ محکمہ پولیس سے ریٹائر ہونے والے پولیس آفیسرز و آفیشلز محکمہ کا اثاثہ ہیں۔

پنجاب پولیس نے سال 2024 کے دوران گرفتار کیے جانے والے اشتہاری مجرمان کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی

لاہور سمیت صوبہ بھر میں سنگین جرائم میں ملوث 01 لاکھ 37 ہزار سے زائد اشتہاری مجرم گرفتار کیے گئے

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب پولیس نے سال 2024 کے دوران گرفتار کیے جانے والے اشتہاری مجرمان کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی۔ تفصیلات کے مطابق، لاہور سمیت صوبہ بھر میں سنگین جرائم میں ملوث 01 لاکھ 37 ہزار سے زائد اشتہاری مجرم گرفتار کیے گئے جبکہ سنگین جرائم میں مطلوب بیرون ممالک مفرور 104 خطرناک اشتہاریوں کو گرفتار کر کے پاکستان منتقل کیا گیا۔ مزید تفصیلات کے مطابق 2024ء میں اے کیٹیگری کے 26 ہزار سے زائد اور بی کیٹیگری کے 01 لاکھ 11 ہزار سے زائد اشتہاری گرفتار کیے گئے جبکہ 66 ہزار سے زائد عدالتی مفرور بھی گرفتار کیے گئے۔ اسی طرح اے کیٹیگری کے 6907 اور بی کیٹیگری کے 59373 عدالتی مفروران گرفتار کیے گئے۔ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے دوران 35 ہزار سے زائد ٹارگٹ آفینڈرز (عادی مجرم) بھی گرفتار کیے گئے جن میں اے کیٹیگری کے 15154 اور بی کیٹیگری کے 20485 ٹارگٹ آفینڈرز شامل ہیں۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے اشتہاری مجرمان کے خلاف کامیاب کاروائیوں پر پولیس ٹیموں کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ رواں سال بھی اشتہاری مجرمان کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے اور موثر تفتیش سے مقدمات کو جلد مکمل کرتے ہوئے مجرمان کو قرار واقعی سزائیں دلوائی جائیں

پارلیمانی سیکرٹری برائے انسانی حقوق واقلیتی امور سونیا آشر کا گوجرانولہ کا دورہ

.....مقتول سلمان اقبال مسیح کے اہل خانہ سے ملاقات اور انصاف کی یقین دہانی.....

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی خصوصی ہدایت پر پارلیمانی سیکرٹری برائے انسانی حقوق و اقلیتی امور پنجاب، سونیا آشر نے ضلع گوجرانوالہ کے علاقے کوٹ سید اللہ راہ والی میں حالیہ قتل کے واقعہ میں جاں بحق ہونے والے مسیحی لڑکے سلمان اقبال مسیح کے اہل خانہ سے ملاقات کی اور متاثرہ خاندان کو پنجاب حکومت کی جانب سے مکمل انصاف اور تحفظ کی یقین دہانی کرائی۔ متاثرہ خاندان سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے سونیا آشر کا کہنا تھا کہ پنجاب حکومت سلمان اقبال مسیح کے قتل کے حوالے سے تحقیقات میں مکمل تعاون فراہم کرے گی اور ملزمان کو جلد از جلد گرفتار کر کے قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

انتظامی عہدوں پر فائز افسران کڑی ازمائش سے گزر رہے ہیں، ڈاکٹر مسعود شیخ

مافیا کی سرزنش پر وہ انتظامی افسر کے خلاف محاذ آرائی شروع کر دیتا ہے



لاہور (خبر نگار) جنرل کیڈر ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر مسعود شیخ نے کہا کہ اسوقت انتظامی عہدوں پر فائز افسران کڑی ازمائش سے گزر رہے ہیں۔ حالات سازگار نہیں اور جب بھی کسی مافیا کی سرزنش کی جائے تو وہ انتظامی عہدے کے خلاف محاذ آرائی کر لیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافیوں سے اسکے اچھے تعلقات ہیں لیکن چند ایک نام نہاد صحافی بلیک میلنگ کی غرض سے اخبار اور قلم کے تقدس کو پامال کر رہے ہیں اور اس مقدس پیشے کی تذلیل کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اپنے مفادات کی خاطر وہ صحافتی اصول و قوائد کو بھی کسی خاطر میں نہیں لاتے۔۔ انہوں نے کہا کہ کچھ لوگ انہیں بلیک میل کرنے کے بعد اپنے مقاصد حاصل کرنا چاہتے تھے لیکن انہوں نے اصولوں پر سمجھوتا نہیں کیا بلکہ ان کے خلاف قانونی جنگ کا آغاز کر دیا۔ ڈاکٹر مسعود شیخ نے میڈیا نمائیدگان سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ جب ضرورت ہوئی تو ایسے مافیا کو بے نقاب کریں گے اور انکی بلیک میلنگ کے شواہد بھی متعلقہ فورم پر پیش کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ صحافی ایک مورخ ہوتا ہے لیکن چند ایک نے اپنے صحافتی اقدار کی پامالی۔ کرتے ہوئے بلیک میلنگ شروع کر رکھی ہے۔ اور اپنے مضموم مقاصد۔ کے حصول کیلئے قلم کے تقدس کو پامال کر رہے ہیں۔ انہوں نے ایک مقامی اخبار کی جانب۔ سے لگائے جانے والے الزامات کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے سیدمٹھا ہسپتال لاہور اور شاہدرہ ہسپتال لاہور میں اتنے ترقیاتی کام۔ کیئے جن۔ کی۔ مثال نہیں ملتی۔

پاکپتن انرجی پرائیویٹ لمیٹڈ

ہمارے ہاں 11.8 کلوگرام ایل پی جی سلنڈر یکم جنوری 2025 کیلئے کنزیومر پرائس 2953 روپے ہوگی

اس نرخ کا اطلاق پاکستان کے تمام شہروں کیلئے ہے

پاکپتن انرجی پرائیویٹ لمیٹڈ کو ریٹیل نیٹ ورک کے لئے پاکپتن، بنگہ حیات، جویلی لکھا، دیپالپور، چھڑ شاہ مقیم اور عارفوالا میں مالی طور پر پارٹیاں درکار ہیں

ڈسٹری بیوٹرز حضرات سے گزارش ہے کہ کنزیومر پرائس سے تجاوز نہ کریں

پاکپتن پرائیویٹ لمیٹڈ 17 ایس پی دیپالپور روڈ پاکپتن شریف۔

اعجاز اسلم ایل پی جی پرائیویٹ لمیٹڈ

ہمارے ہاں 11.8 کلوگرام ایل پی جی سلنڈر یکم جنوری 2025 کیلئے کنزیومر پرائس 2953 روپے ہوگی

اس نرخ کا اطلاق پاکستان کے تمام شہروں کیلئے ہے

اعجاز اسلم ایل پی جی پرائیویٹ لمیٹڈ کو ریٹیل نیٹ ورک کیلئے بہاولنگر، چشتیاں، منچن آباد اور عارفوالا میں مالی طور پر پارٹیاں درکار ہیں

ڈسٹری بیوٹرز حضرات سے گزارش ہے کہ کنزیومر پرائس سے تجاوز نہ کریں

اعجاز اسلم ایل پی جی پرائیویٹ لمیٹڈ مین جی ٹی روڈ 9 کلومیٹر عارفوالا روڈ تو گیرہ شریف روڈ بہاولنگر

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:03
فجر	5:45
ظہر	1:30
عصر	3:45
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	6:45

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 بجکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

لکڑی چور ہوشیار/خبردار!

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر

صوبہ بھر میں جنگلات کے تحفظ کیلئے

فارسٹ آفینس رولز 2024ء کے تحت

لکڑی چوری میں ملوث ملزمان کیخلاف شکنجہ مزید سخت





ملزمان کے خلاف FIR اور بھاری جرمانے

سخت قانونی کارروائیوں کا آغاز

- شق 62 اور 63 کے تحت کئے گئے جرائم ناقابل ضمانت قرار
- سزاؤں اور جرمانوں میں 4 گنا اضافہ
- رات کی تاریکی میں چوری و ترسیل کی صورت میں 11 گنا جرمانہ
- لکڑی چوری کیلئے استعمال وہیکل (ٹرک، ٹریکٹر ٹرالی، ڈالہ، ہوٹر سائیکل وغیرہ) کی بحق سرکار ضبطگی
- لکڑی کی اصل قیمت و جرمانہ وصولی کے باوجود لکڑی بحق سرکار ضبط کرلی جائے گی



لکڑی چوروں کے خلاف اعلیٰ کارکردگی دکھانے والے ملازمین کیلئے اعزازیہ

- 10 لاکھ یا اس سے زائد جرمانہ وصول کرنے پر 1.5 لاکھ روپے جبکہ 5 تا 10 لاکھ تک جرمانہ کی صورت میں 1 لاکھ روپے اعزازیہ
- 2 تا 5 لاکھ تک جرمانہ وصولی کی صورت میں 35% فیصد اعزازیہ

سرسبز و شاداب پنجاب کی تشکیل کیلئے کوشاں

محکمہ جنگلات، حکومتِ پنجاب

مزید معلومات و رہنمائی کیلئے ویب سائٹ www.fwf.punjab.gov.pk وزٹ کریں

FORESTRY WILDLIFE FISHERIES PUNJAB PAKISTAN

SPL-12

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 4 جنوری 2024ء

چنیوٹ جامع مسجد گلزار مدینہ میں کھلی کچہری، پولیس افسران نمازیوں کی کثیر تعداد کی شرکت

مسجد میں کھلی کچہری لگانا حضرت محمد ﷺ کی سنت ہے تاکہ آپ کے مسائل آپ کے پاس آکر سن کر حل کئے جائیں، ڈی پی او کا شرکا سے مسجد میں ہونیوالی کھلی کچہری سے خطاب



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد نے جمعتہ المبارک کے موقع پر جامعہ مسجد گلزار مدینہ کلب روڈ، چنیوٹ میں کھلی کچہری لگائی۔کھلی کچہری میں ایس ایچ او تھانہ سٹی، انچارج شکایت سیل اور دیگر پولیس افسران اور نمازیوں کی کثیر تعداد موجود تھی۔سرکل ڈی پی او نے پنجاب پولیس کی مختلف سروسز سے متعلق شرکاء کو بریفنگ دی۔ڈی پی او نے پنجاب پولیس پاکستان ایپ اور دیگر ڈیجیٹل پولیس سروسز سے شرکاء کو آگاہی دی۔ڈی پی او نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مسجد میں کھلی کچہری لگانا حضرت محمد ﷺ کی سنت ہے تاکہ آپ کے مسائل آپ کے پاس آکر سن کر حل کئے جائیں اور کمیونٹی پولیسنگ کو فروغ دیا جائے۔شہری معاشرتی، اخلاقی برائیوں وجرائم پیشہ عناصر سے متعلق اطلاع دے سکتے ہیں۔شہری پولیس سے متعلقہ شکایت نوٹ کروا سکتے ہیں، انکی دادرسی یقینی بنائی جائے گی۔ڈی پی او نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ لوگوں کی جان و مال کی حفاظت، امن و امان کا قیام اولین ترجیح ہے۔تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے پبلک سروس ڈیلیوری میں بہتری کیلئے اقدامات جاری ہیں۔شہری کسی بھی مسئلے، پریشانی یا جرائم پیشہ عناصر سے متعلق ڈی پی او چنیوٹ کے نمبر 0323-7543444 پر دے سکتے ہیں۔

مسافروں کے لیے محفوظ اور آرام دہ سفر کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے مہم کا آغاز کر دیا، عاطف شہزاد

مہم کے تحت مسلسل دوسری لین استعمال کرنے والی گاڑیوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے



ایبٹ روڈ پولیس نے قومی شاہراہوں پر ٹریفک کے نظم و ضبط کو برقرار رکھنے اور مسافروں کے لیے محفوظ اور آرام دہ سفر کو یقینی بنانے کے لیے لین وائیلیشن کے خلاف خصوصی مہم کا آغاز کیا ہے۔اس مہم کے تحت مسلسل دوسری لین استعمال کرنے والی گاڑیوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ایس پی نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس عاطف شہزاد نے مہم کی پیشرفت کا جائزہ اجلاس منعقد کیا، جس میں انہوں نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ قانون کی سختی سے عملداری کو یقینی بنائیں۔انہوں نے کہا کہ یہ مہم آئی جی موٹروے پولیس رفعت مختار راجہ کے وژن کے تحت شروع کی گئی ہے تاکہ قومی شاہراہوں پر مثالی نظم وضبط قائم رکھا جا سکے۔اجلاس میں ڈی ایس پی رب نواز بھٹی اور ڈی ایس پی وحید القمر سمیت افسران کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ایس پی عاطف شہزاد نے واضح کیا کہ مسلسل دوسری لین استعمال کرنے والی گاڑیاں، خصوصاً مال بردار گاڑیاں، نہ صرف ٹریفک کے بہاؤ میں رکاوٹ بنتی ہیں بلکہ دیگر ڈرائیوروں کے لیے خطرہ بھی پیدا کرتی ہیں۔ایسی خلاف ورزیوں پر کسی قسم کی رعایت نہیں دی جائے گی۔

ڈپٹی کمشنر کی وارننگ پس پشت، شہر بھر میں برائلر مرغی کے گوشت کی قیمتوں میں مزید اضافہ

مرغی گوشت جو چند ہفتے قبل پانچ سو روپے تک میں فروخت ہو رہا تھا وہ اب گذشتہ روز 740/- روپے کلو میں فروخت ہوتا رہا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کی جانب سے برائلر مرغی کے گوشت اور انڈے مہنگے داموں فروخت کرنے والوں کو وارننگ دیئے جانے کے دوسرے روز ہی شہر بھر میں برائلر مرغی کے گوشت کی قیمتوں میں مزید اضافہ کر دیا گیا۔جس کے بعد مرغی گوشت جو چند ہفتے قبل پانچ سو روپے تک میں فروخت ہو رہا تھا وہ اب گذشتہ روز 740/- روپے کلو میں فروخت ہوتا رہا جبکہ مارکیٹ کمیٹی کی جانب سے ریٹ لسٹ پر قیمت 593/- روپے کلو درج تھی۔دوکانداروں کا کہنا ہے کہ انہیں برائلر مرغی کا گوشت پولٹری فارموں سے ہی مہنگے داموں فراہم کیا جا رہا ہے جس کی وجہ سے وہ اسے اس حساب سے فروخت کرنے پر مجبور ہیں۔دوکانداروں کا کہنا تھا کہ مارکیٹ کمیٹی اعلیٰ افسران کی آنکھوں میں خاک جھونکنے کے لئے ریٹ لسٹوں پر تمام اشیاء کی قیمتیں کم درج کرتی ہے۔اور اسی لئے مارکیٹ کمیٹی کی ریٹ لسٹوں اور بازار میں فروخت ہونے والی اشیاء کے نرخوں میں زمین آسمان کا تفاوت پایا جاتا ہے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ انتظامیہ کو چاہئے کہ وہ پولٹری فارمز کے مالکان کے خلاف ایکشن لے۔کیونکہ اگر یہاں سے قیمتیں کم ہوں گی تو پھر ہم دوکاندار بھی سستی فروخت کریں گے۔

اتحاد پریس کلب انتخابات، حافظ جمشید اشرف صدر، مظہر بھٹی جنرل سیکرٹری منتخب ہو گئے

دیپالپور (کھیل رپورٹر) اتحاد پریس کلب انتخابات، حافظ جمشید اشرف صدر، مظہر بھٹی جنرل سیکرٹری منتخب ہو گئے، چوہدری آصف اقبال چیئرمین، جواد الامین صدر الیکٹرانک میڈیا، عرفان بھٹی جنرل سیکرٹری ہوں گے تفصیلات کے مطابق اتحاد پریس کلب دیپالپور کے انتخابات مکمل ہو گئے جن میں سینئر صحافی رمضان اشرف چوہدری سرپرست اعلیٰ، رفیع شاہین سرپرست، چوہدری محمد آصف اقبال ارائیں چیئرمین، ڈاکٹر ضیاالحق سینئر وائس چیئرمین، شفیق احمد وائس چیئرمین، حافظ جمشید اشرف صدر، حافظ عابد الٰہی سینئر نائب صدر، عابد علی سگی نائب صدر، فیاض اقبال نائب صدر، مظہر علی بھٹی جنرل سیکرٹری، ریاض پرنس جوائنٹ سیکرٹری، راشد شاہ زیدی سیکرٹری اطلاعات، دیوان محسن فنانس سیکرٹری منتخب ہوئے۔

گیس پائپ لائن بند ہونے پر شہر کے انتہائی بارونق محلہ مشکلات میں

بل ادائیگی کے باوجود گھروں میں لگنے والے کنکشن صرف ہوا فراہم کرتے ہیں، علاقہ مکین

شکر گڑھ (عمران عارف سے) گیس پائپ لائن بند ہونے پر شہر کے انتہائی بارونق محلہ بریلوی سے ملحقہ گلی افضل بھٹی والی کے صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے گلی کے مکینوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ گیس کے بھاری بلوں کی ادائیگی کے باوجود گھروں میں لگنے والے کنکشن صرف ہوا فراہم کرتے ہیں رات گئے کچھ گیس دستیاب ہوتی ہے بصورت دیگر سارا دن گیس سپلائی صفر ہونے کی وجہ سے گھریلو زندگی مفلوج ہو کر رہ گئی ہے متاثرہ گلی مکینوں نے اس خدشہ کا اظہار کیا ہے کہ گیس پائپ لائن میں سیوریج کا پانی داخل ہو گیا ہے جس کی وجہ سے گیس سپلائی متاثر ہوئی ہے اہالیان محلہ بالخصوص گلی افضل بھٹی سے ملحقہ چار سے پانچ سو گھروں کے شہریوں نے ممبر نیشنل اسمبلی انوار الحق چودھری سے متعلقہ گیس حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس مسئلے کا نوٹس لیتے ہوئے نئی گیس پائپ لائن ڈالنے کے اقدامات اٹھائیں۔

آرائیں کمیونٹی کے زیر اہتمام فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

کثیر تعداد میں مریضوں کا فری چیک اپ، الٹرا ساؤنڈ، ٹیسٹ اور فری ادویات کی سہولیات دی گئیں



کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) آرائیں کمیونٹی کے زیر اہتمام فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں کثیر تعداد میں مریضوں کا فری چیک اپ، الٹرا ساؤنڈ، ٹیسٹ اور فری ادویات کی سہولیات دی گئیں۔انتظامیہ کی حوصلہ افزائی کیلئے تحصیل کی مختلف تنظیموں، سماجی فلاحی شخصیات، صحافی برادری نے کیمپ کا وزٹ کیا۔تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز، چک 55 روڈ دوانی مرلہ غربی پر واقع صغراں امین ہیلتھ کیئر سنٹر میں آرائیں کمیونٹی کی جانب سے فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا، جس میں غریب عوام کیلئے چیک اپ، الٹرا ساؤنڈ، ٹیسٹ ادویات کی فری سہولیات دی گئیں، میڈیکل کیمپ میں کوٹ رادھا کشن کی مخلوص سماجی فلاحی رفاعی تنظیموں اور صحافی برادری نے شرکت کی، انتظامیہ کی حوصلہ افزائی کی اور ان کی اس عظیم کاوشوں کو سراہا۔

ڈپٹی کمشنر آفس ساہیوال کے سینئر کلرک سید ناصر حسین شاہ کی ریٹائرمنٹ پر الوداعی تقریب



ساہیوال (مہراے ڈی نسیم سپراسے) ڈپٹی کمشنر آفس ساہیوال کے سینئر کلرک سید ناصر حسین شاہ کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر ان کے اعزاز میں ایک شاندار الوداعی تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ یہ تقریب ناظر ہال میں منعقد ہوئی، جس میں سٹاف آفیسر محمود افضل، سپرنٹنڈنٹ ایسٹیبلشمنٹ ملک مشتاق احمد سکھلہ، سپرنٹنڈنٹ چوہدری فیاض احمد، ریڈر ٹو ڈی سی میاں شہزاد احمد، ڈسٹرکٹ ناظر ملک ملازم حسین کھوکھر، اسسٹنٹ مختار احمد، غضنفر حمید اور رانا شمروز علی کے علاوہ دیگر ساتھی ملازمین نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی۔تقریب کے دوران شرکاء نے سید ناصر حسین شاہ کی پیشہ ورانہ خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ سید ناصر حسین شاہ نے اپنے طویل کیریئر کے دوران دیانتداری، محنت اور لگن کی اعلیٰ مثال قائم کی اور اپنی ذمہ داریاں ہمیشہ خوش اسلوبی سے انجام دی ہیں اور ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ سید ناصر حسین شاہ جیسے دیانتدار اور مخلص افراد اداروں کی کامیابی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔شرکاء نے سید ناصر حسین شاہ کے ساتھ کام کرنے کے تجربات کو خوشگوار یادوں کے طور پر بیان کیا اور ان کی نئی زندگی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔تقریب کے اختتام پر سید ناصر حسین شاہ کو تحائف اور ایک یادگاری شیلڈ پیش کی گئی۔انہوں نے اس موقع پر تمام ساتھیوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ ہمیشہ اس ادارے اور اپنے ساتھیوں کی محبت کو یاد رکھیں گے۔

حافظ آباد پریس کلب کے باہر عافیہ موومنٹ کے زیر اہتمام پرامن احتجاج

حکومت ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی کے لئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائے، مطالبہ



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد میں پریس کلب کے سامنے عافیہ موومنٹ کے زیر اہتمام ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی کے لئے پرامن احتجاج کیا گیا۔اس موقع پر شرکاء نے نعرہ بازی کرتے ہوئے حکومت پر زور دیا کہ وہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی کے لئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائے۔انہوں نے کہا کہ امریکہ جو انسانی حقوق کا نام نہاد علمبردار بنا ہوا ہے۔ڈاکٹر عافیہ صدیقی پر اسکے مظالم نے اسکا مکروہ چہرہ پوری دنیا پر بے نقاب کر دیا ہے۔

ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن وزیر آباد الیکشن 2025-26

پروفیشنل لائرز گروپ کے پانچ امیدواران بلا مقابلہ منتخب ہو گئے



وزیر آباد (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن وزیر آباد الیکشن 2025-26، پروفیشنل لائرز گروپ کے پانچ امیدواران بلا مقابلہ منتخب ہو گئے، منتخب ہونیوالے نائب صدر ملک لقمان، جوائنٹ سیکرٹری فرزانہ کوثر وڑائچ، ایڈیٹر محمد راشد ارشد، فنانس سیکرٹری سید افتخار حسین شاہ، لائبریری سیکرٹری سنکی حمایتوں کا ڈھول کی تھاپ جشن بھنگڑے مٹھائی تقسیم کی، الیکشن 11 جنوری کو ہونگے۔صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن رانا خلیل احمد خان، جنرل سیکرٹری طاہر عمران کولار اور ارشاد احمد چیمہ نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے پروفیشنل لائرز گروپ کو بڑی فتح دی ہے کہ ہمارے گروپ کے نائب صدر ملک لقمان، جوائنٹ سیکرٹری فرزانہ کوثر وڑائچ، ایڈیٹر محمد راشد ارشد، فنانس سیکرٹری سید افتخار حسین شاہ، لائبریری سیکرٹری حسن منیر بلا مقابلہ منتخب ہو گئے ہیں یہ ہمارے گروپ کی فتح کا آغاز ہے اور یہ فتح ہمارے صدر کے امیدوار امتیاز احمد خان اور جنرل سیکرٹری مستعصم مالک طور انکی فتح کا آغاز ہے اور انشاء اللہ 11 جنوری ہمارے گروپ کی جیت کے ساتھ ہی طلوع ہوگا جس طرح ہم نے پہلے بھی ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن وزیر آباد کی آزادی کے لئے ڈیکورم کے لئے اور ممبران ڈیکورم کے لئے کام کیا ہے تاکہ اگلے بھی ہمارے امیدوار کامیاب ہوں، بار ایسوسی ایشن کے تمام ممبران اور اپنے گروپ کے لیڈرز سے اپیل کرتا ہوں کہ دونوں امیدواران کی بھرپور کمپین کریں، ہمارے گروپ کے تمام لیڈران کو مبارکباد پیش کرتے ہیں کہ ہمارے پینل کے پانچ امیدواران بلا مقابلہ منتخب ہو گئے ہیں یہ ہمارے پروفیشنل لائرز گروپ کی بہت بڑی اچیومنٹ ہے، ہم 2025-26 کے الیکشن میں اپنے وکلاء بھائیوں اور بہنوں کی مدد سے اللہ کے فضل کرم سے اپنے امیدوران برائے صدارت اور جنرل سیکرٹری کو کامیاب کروائینگے۔اس موقع پر شہباز احمد چیمہ، مبشر حسین چیمہ، محمد زمان چیمہ، تصدق حسین چٹھہ طلعت نسیم سوہدروی، اسد امتیاز خان و دیگر وکلاء بھی موجود تھے۔امیدوار برائے صدارت امتیاز احمد کان اور امیدوار برائے جنرل سیکرٹری مستعصم مالک طور نے کہا کہ منتخب ہونے والے عہدیداران کو مبارکباد پیش کرتے ہیں اور انشاء اللہ یہ پہلا قطرہ اور کامیابی کا پیش خیمہ ہے 11 جنوری کو انشاء اللہ پروفیشنل لائرز گروپ ہی کامیاب ہوگا، اپنے تمام پروفیشنل لائرز گروپ اور بار کے تمام ممبران سے گزارش کرتے ہیں جس طرح آپ لوگوں نے مکمل طور پر محبت کا جو مظاہرہ ہمارے پانچ امیدواران کی جیت میں کیا ہے اسی طرح مجھے اور مستعصم مالک طور کو کامیاب کروائینگے یہ انشاء اللہ ہماری کامیابی آپ کی کامیابی ہے، ہماری ٹیم آپ دیکھ رہے ہیں کہ سب سے بہترین ٹیم ہے اور ہمارے گروپ کے صدر اور جنرل سیکرٹری پہلے بھی بار کے لئے کام کر رہے ہیں۔ڈسٹرکٹ بار کی فلاح و بہبود اور اسکی ترقی کے لئے جو بھی ہو سکا انشاء اللہ کرینگے اور وہ کام آپ کو نظر آئے گا انشاء اللہ بار کے لئے کئے گئے کام سب کے سامنے ہوں گے اور ہر چیز کا حساب ہوگا۔

بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلے میں آج درج ذیل فیڈرز پر بجلی بند رہے گی

جھنگ (بیورو رپورٹ) بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں صبح 9 بجے سے دن 3 بجے تک 4,6,9,11,13,15,18,21,25,28 کو علی آباد فیڈر، 6 جنوری کو ملہو آنہ موڑ فیڈر، 6,9, 11,13,15 جنوری کو مدوکی فیڈر، 2 5 ,1 8 جنوری کو کالج روڈ فیڈر، 25,28 جنوری کو ریواز فیڈر، 6,9,14,16 جنوری کو رشید پور فیڈر، 7,13, 16,20,27,30 جنوری کو کچے والا فیڈر، 4,6, 11,15,18,25,29 جنوری کو شیخ علی فیڈر، 9, 14,21,28 جنوری کو کالج روڈ فیڈر، 7,9,14, 16,21,24 جنوری کو میلاد چوک فیڈر، صبح 9 بجے سے دن 2 بجے تک 6 جنوری کو سٹی، عمران شہید، رسول پور، شفانہ، کرن، رکھ ڈھینگانہ فیڈرز، 7 جنوری کو ریواز، تریموں، کوٹ خان، سوبھاگہ، کوٹ سلطان، لاشاری فیڈرز میں بجلی کی سپلائی معطل رہے گی

ساہیوال: موجودہ مالی سال کے پہلے 6 ماہ میں کنورژن فیس کی مد میں 13 کروڑ 42 لاکھ روپے اور بلڈنگ فیس کی مد میں 72 لاکھ روپے وصول کئے گئے

ساہیوال (مہراے ڈی نسیم سپراسے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کی ہدایت پر میونسپل کارپوریشن سرکاری واجبات کی وصولی پر پوری توجہ دے رہی ہے اور موجودہ مالی سال کے پہلے 6 ماہ میں کنورژن فیس کی مد میں 13 کروڑ 42 لاکھ روپے اور بلڈنگ فیس کی مد میں 72 لاکھ روپے وصول کئے گئے جو سالانہ ٹارگٹ کا بالترتیب 57 فیصد اور 40 فیصد ہے۔ اس دوران کارپوریشن نے 168 بلڈنگ پلانز کی منظوری بھی دی۔ یہ بات چیف آفیسر شیخ اشفاق احمد نے کمشنر شعیب اقبال سید کی زیر صدارت کمشنر آفس میں منعقدہ میونسپل کارپوریشن اور پمپ پروگرام کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس میں بتائی جس میں ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر صفدر حسین، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ سمیت متعلقہ افسران نے بھی شرکت کی۔انہوں نے بتایا کہ شہر کے دونوں بس سٹینڈز سے بھی اڈا فیس کی ریکوری جاری ہے اور بیرون لاری اڈے سے جولائی سے دسمبر کے دوران 84 لاکھ 50 ہزار اور اندرون بس سٹینڈ ریلوے روڈ سے 30 لاکھ روپے جمع کئے گئے۔

ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کا جھنگ روڈ بائی پاس کا دورہ

کیرٹری ڈی آر ٹی اے عمر علی، ٹریفک پولیس کے اظہر گجر، ریسکیو 1122 کے افسران و دیگر بھی ہمراہ



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کا جھنگ روڈ بائی پاس کا دورہ، سیکرٹری ڈی آر ٹی اے عمر علی، ٹریفک پولیس کے اظہر گجر، ریسکیو 1122 کے افسران و دیگر بھی موجود تھے، ڈپٹی کمشنر نے محکموں کی جانب سے ریفلیکٹرز لگانے کے عمل کا جائزہ لیا، ڈپٹی کمشنر نے اپنی نگرانی میں ہیوی گاڑیوں، ٹرالیوں پر ریفلیکٹرز اور لائٹس لگوائیں، ڈپٹی کمشنر نے ڈرائیورز حضرات کو ہدایت کی کہ وہ اپنی ٹرالیوں/ گاڑیوں پر ریفلیکٹرز لازمی لگوائیں، ڈپٹی کمشنر کا مزید کہنا تھا کہ اب تک 1000 سے زائد گاڑیوں کو ریفلیکٹرز اور لائٹس لگوائی جا چکی ہیں، رات کے اوقات میں ان ریفلیکٹرز اور لائٹس کی وجہ سے حادثات سے بچا جا سکتا ہے، انہوں نے جملہ محکموں کو 100 فیصد گاڑیوں پر ریفلیکٹرز لگانے کی ہدایات

یونیورسٹی آف فیصل آباد ڈیجیٹل فوٹوگرافی ورکشاپ

بین الاقوامی شہرت یافتہ صحافی محمد طاہر کی بطور مہمان خصوصی



طلبا و طالبات کو کیمرے میں مین تین چیزوں کی بہت اہمیت ہے۔ائی ایس او۔اپرچر۔شٹر سپیڈ۔فوٹوگرافی کی اقسام لینڈ سکیپ، وائلڈ لائف، پورٹریٹ، کے بارے میں بریفنگ دی گئی

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) دی یونیورسٹی آف فیصل آباد کے شعبہ ابلاغیات کے زیر اہتمام طلبہ اور طالبات کے لیے جدید دور کی ڈیجیٹل فوٹوگرافی کی اہمیت اور پریکٹیکل کے لیے ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا اس موقع پر ڈیپارٹمنٹ آف ماس کمیونیکیشن کے وزارڈ ونیئر ادریس ستار اور میڈیم زرناب بھی موجود تھے۔ورکشاپ میں ائی پی سی انٹرنیشنل فوٹوگرافی کونسل۔ اقوام متحدہ کے گولڈ میڈلسٹ انٹرنیشنل فوٹو جرنلسٹ محمد طاہر نے طور مہمان خصوصی شرکت کی۔ محمد طاہر نے طلبہ و طالبات کو ڈیجیٹل فوٹوگرافی کی اہمیت اور پریکٹیکل کی صورت میں کس طرح ڈیجیٹل فوٹوگرافی کی جا سکتی ہے اور فوٹوگرافی میں نئے انے والے سٹوڈنٹ کے لیے کیمرے کے بارے میں بتایا کیمرے میں مین تین چیزوں کی بہت اہمیت ہے۔ائی ایس او۔اپرچر۔شٹر سپیڈ۔فوٹوگرافی کی اقسام :لینڈ سکیپ، وائلڈ لائف، پورٹریٹ، کے بارے میں بریفنگ دی اس موقع پر محمد طاہر نے طلباء و طالبات کو بتایا کہ حاضر جدید دور میں فوٹوگرافی کی صورت میں کہ جس سے اپ اپنا نام بنا سکتے ہیں بلکہ اپ فوٹوگرافی کے ذریعے اپنے اداروں کا اور پاکستان کا مثبت چہرہ بھی دکھا سکتے ہیں ورک شاپ کے دوران طلباء اور طالبات نے محمد طاہر سے مختلف سوالات بھی کیے کیمرے کو کیسے استعمال کیا جا سکتا ہے اور ڈیجیٹل فوٹوگرافی کے اینگل کو کس طرح طلباء اور طالبات استعمال کر کے اپنی ایک نئی اور جدت سے بھرپور ڈیجیٹل فوٹوگرافی کر سکتے ہیں اس موقع پر محمد طاہر نے طلبہ طالبات کو بتایا کہ نیوز فوٹوگرافی کیا ہوتی ہے اور اس کو کس طرح کیا جا سکتا ہے کس اینوٹ کو کس طرح اپ نے فوٹوگرافی میں اپنی عکس بندی کرنی ہے۔

حافظ آباد کے محلہ عثمان گنج میں ایک شخص نے چھت کے پنکھے کے ساتھ پھندا لیکر خودکشی کر لی

غلام حسین ولد محمد ابراہیم مبینہ طور پر کافی روز سے پریشان چلا آ رہا تھا، پولیس نے موقع پر پہنچ کر نعش ہسپتال منتقل کر دی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد کے محلہ عثمان گنج میں ایک شخص نے چھت کے پنکھے کے ساتھ پھندا لیکر خودکشی کر لی۔تفصیلات کے مطابق غلام حسین ولد محمد ابراہیم مبینہ طور پر کافی روز سے پریشان چلا آ رہا تھا۔گذشتہ روز اس نے گھر میں چھت کے پنکھے سے جھول کر زندگی کا خاتمہ کر لیا۔سٹی پولیس نے موقع پر پہنچ کر اسکی نعش کو اتار کر ہسپتال منتقل کیا اور مزید کاروائی شروع کر دی۔

مخلص دوست اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے

دوستی ایک ایسا عظیم رشتہ ہے، جمیل چیمہ



وزیر آباد (نامہ نگار) مخلص دوست اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے دوستی ایک ایسا عظیم رشتہ ہے جس کی تعریف ممکنات میں نہیں، اچھے دوست اللہ تعالیٰ کی نعمت اور خاص تحفہ ہوتے ہیں اور اچھی دوستی کے ساتھ زندگی بڑی خوشگوار گزرتی ہے۔ان خیالات کا اظہار اینٹی نارکوٹکس ویلفیئر سوسائٹی کے بانی و صدر محمد جمیل چیمہ نے سابق چیئرمین و بانی اینٹی نارکوٹکس ویلفیئر سوسائٹی پٹھانوالی وزیر آباد اسجد محمود چیمہ کے اعزاز میں پریس کلب وزیر آباد میں تقریب کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر اسجد محمود چیمہ اور محمد جمیل چیمہ کی یادگار دوستی اور علاقہ میں ان کی خدمات کے حوالہ سے صدر پریس کلب وزیر آباد افتخار احمد بٹ، سرپرست پریس کلب وزیر آباد صابر حسین بٹ، جنرل سیکرٹری سید ضمیر کاظمی، شہباز بخاری، شکیل اعوان، حافظ حیدر جمیل چیمہ، فرحان اسجد چیمہ و دیگر نے بھی خطاب کیا اور دونوں شخصیات کی تعریف و ستائش کی اور خطاب کیا محمد جمیل چیمہ اور اسجد محمود چیمہ نے کہا کہ ہم دونوں کی دوستی کو 27 برس بیت گئے سوسائٹی کی بنیاد رکھی آج اینٹی نارکوٹکس ویلفیئر سوسائٹی پاکستان میں نمایاں مقام رکھتی ہے ہمارے خلوص بھائی چارے دوستی اور محبت کی بہترین مثال ہمارا بنایا ادارہ شہید نوید یونس کیئر سینٹر ہے جو ہزاروں منشیات کے عادی افراد کو موت کی آغوش سے واپس زندگی میں لایا اور ہمارے ادارہ سے صحت یاب ہو کر جانے والے منشیات کے عادی افراد بھرپور صحت مند زندگی گذار رہے ہیں اور ایمبولینس سروس بھی علاقہ کو فراہم کر رہے ہیں اور منشیات کے خلاف بھرپور آگاہی مہم کا انعقاد بھی کیا جاتا ہے۔تقریب میں سیف اللہ بٹ، ڈاکٹر سید رضا سلطان، بابو حامد منظور، محمد فاروق چیمہ، حاجی سلطان، فیصل رضا، عمر علی راجپوت، نعیم میو، جبران بٹ، رانا محمد شبیر، محمد فاروق سومرو، ندیم مغل، میاں ارشد لال، عمران، محمد ایوب چوہان، ذوالفقار، عابد پرویز، میاں بھائی و دیگر بھی موجود تھے۔علاوہ ازیں دوستی کے 27 سال مکمل ہونے پر کیک بھی کاٹا گیا۔

فرحان بٹ مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) پروفیسر اعجاز نذیر بٹ، پروفیسر خالد نذیر بٹ، ہمایوں نذیر بٹ کے بھانجے فرحان بٹ مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے۔مرحوم کی نماز جنازہ بڑے قبرستان ریلوے لائن والے میں ادا کی گئی۔جس میں تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

زرعی ترقیاتی بنک میں نایاب بارہ سینگھا گھس آیا گاڑیوں کے شیشے توڑ دیئے

اطلاع پر مقامی پولیس کے اے ایس آئی ملک مقصود بمعہ ملازمین ریسکیو 1 موقع پر پہنچ کر قابو کر لیا



نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) زرعی ترقیاتی بنک میں نایاب بارہ سینگھا گھس آیا گاڑیوں کے شیشے توڑ دیئے انتظامیہ کی دوڑیں لگ گئیں، مقامی پولیس وائلڈ لائف ریسکیو 1122 حکام موقع پر پہنچ گے انتھک کوشش کے بعد بارہ سینگھا کو قابو کر لیا نایاب جانور جو کہ انڈین نسل کا ہے آبادی میں گھس آیا وائلڈ لائف کنزرویٹر کے مطابق بارہ سینگھا کے مارے اچھل کود شروع کر دی اور گاڑیوں کے شیشے توڑ دیئے اطلاع پر مقامی پولیس کے اے ایس آئی ملک مقصود بمعہ ملازمین ریسکیو 1122 حکام موقع پر پہنچ گے انتھک کوشش کے بعد بارہ سینگھا کو قابو کر لیا نایاب جانور جو کہ انڈین نسل کا ہے آبادی میں گھس آیا وائلڈ لائف لائف انسپکٹر رضوان احمد ملازمین موقع پر پہنچ گے اور انتھک کوشش کے بعد بارہ سینگھا کو قابو کر کے قبضہ میں لے لیا گیا۔

غیر قانونی تعمیرات و بغیر نقشہ بلڈنگز کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔Dop عمر فاروق.

حکام بالا کے احکامات پر عمل پیرا ہیں۔ بلڈنگ انسپکٹر رانا انیم

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) حکومت پنجاب کی ہدایات اور ایڈمنسٹریٹر سیالکوٹ محمد اقبال گھمن کی زیر قیادت غیر قانونی و بائی لاز کے برخلاف ہر قسم کی ناجائز تعمیرات کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔چیف آفیسر ضلع کونسل سیالکوٹ فدا افتخار میر کی زیر نگرانی میں خود بلڈنگ انسپکٹرز و ضلع کونسل کے متعدد عملہ انکروچمنٹ کے ہمراہ ناجائز تجاوزات کیخلاف آپریشن کی قیادت کر رہا ہوں کوئی بھی شخص خواہ کتنا ہی طاقتور و بااثر کیوں نہ ہو ناجائز تجاوزات و تعمیرات کیخلاف قانون کا سامنا کرنا ہوگا۔اس موقع پر بلڈنگ انسپکٹر رانا انیم نے میڈیا کے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ دوران آپریشن بااثر افراد کیجانب سے سرکاری امور میں مداخلت کرنے والوں کیخلاف قانون کے مطابق انضباطی کارروائی عمل میں لائی جاتی ہے جس کی ایک مثال اگوکی میں دوران آپریشن انکروچمنٹ عملہ پر حملہ کرنیوالوں کیخلاف ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کے احکامات پر بھرپور استغاثہ دیتے ہوئے غیر قانونی تعمیرات کرنے والوں کیخلاف مقدمات کے اندراج کے ساتھ گرفتاریاں بھی عمل میں لائی گئیں۔

زرعی ترقیاتی بنک میں نایاب بارہ سینگھا گھس آیا گاڑیوں کے شیشے توڑ دیئے

اطلاع پر مقامی پولیس کے اے ایس آئی ملک مقصود بمعہ ملازمین ریسکیو 1 موقع پر پہنچ کر قابو کر لیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) زرعی ترقیاتی بنک میں نایاب بارہ سینگھا گھس آیا گاڑیوں کے شیشے توڑ دیئے انتظامیہ کی دوڑیں لگ گئیں، مقامی پولیس وائلڈ لائف ریسکیو 1122 حکام موقع پر پہنچ گے انتھک کوشش کے بعد بارہ سینگھا کو قابو کر لیا نایاب جانور جو کہ انڈین نسل کا ہے آبادی میں گھس آیا وائلڈ لائف لائف انسپکٹر رضوان احمد ملازمین موقع پر پہنچ گے اور انتھک کوشش کے بعد بارہ سینگھا کو قابو کر کے قبضہ میں لے لیا گیا۔

شرقپور: 67 ایم بی بی ایس ڈاکٹرز کے اعزاز میں تقریب کا اہتمام

DAILY QUWAT ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

کرم میں 14 نکاتی معاہدہ

خیبر پختونخوا کے ضلع کرم میں امن وامان کے قیام کے لیے کوہاٹ میں جاری جرگہ ختم ہوگیا۔ فریقین نے امن معاہدے پر دستخط کر دیے۔ تاہم فریقین کی جانب سے بنکرز ختم کرنے اور اسلحہ انتظامیہ کے حوالے کرنے تک راستے نہیں کھولے جائیں گے۔ معاہدے کے تحت فریقین قیام امن کے لیے حکومت اور انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں گے۔ مجلس وحدت مسلمین نے ملک بھر میں دھرنے ختم کرنے کا اعلان کر دیا۔ جرگہ تین ہفتوں سے کوہاٹ میں جاری تھا۔ جرگہ ارکان نے کمشنر کوہاٹ کی نگرانی میں معاہدہ پر دستخط کیے۔ معاہدہ کے مطابق، فریقین کرم میں نجی بنکرز ختم اور اسلحہ جمع کرانے کے پابند ہوں گے۔ قیام امن کے بعد حکومت کرم کو جانے والے راستوں کو کھول دے گی۔ سیز فائر پر فوری عمل کیا جائے گا۔ حکومت 399 ارکان پر مشتمل خصوصی فورس بھی قائم کرے گی جو کرم کے راستوں کی سکیورٹی کو یقینی بنائے گی۔ کرم امن معاہدے کا باقاعدہ اعلان گورنر ہاؤس پشاور میں ہوگا۔ فریقین اپیکس کمیٹی کے اجلاس میں کیے جانے والے فیصلوں کے پابند ہوں گے۔ امن معاہدے پر ایک فریق پہلے ہی دستخط کر چکا تھا اور اب دوسرے فریق نے دستخط کیے ہیں۔ یہ ایک خوش آئند بات ہے کہ کرم میں معاہدہ طے پا گیا ہے اور اب خوراک کی فراہمی بھی شروع ہو جائے گی اور راستے بھی کھول دیے جائیں گے۔ اگر پہلے ہی جرگے کا اہتمام کر لیا جاتا تو اس علاقے میں اتنی تباہی کی نوبت ہی نہ آتی۔ افسوس ناک بات یہ ہے کہ جب کرم جل رہا تھا اس وقت صوبے کے وزیراعلیٰ وفاقی دارالحکومت پر چڑھائی کرنے میں مصروف تھے۔ خیر، معاہدہ ہو چکا ہے اب اسے عملی جامہ بھی پہنایا جائے تاکہ پائیدار امن وامان بحال ہو سکے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جائیں کہ کرم میں پھر سے ایسے حالات پیدا نہ ہوں کیونکہ ان کے اثرات صرف اس علاقے تک ہی محدود نہیں رہتے بلکہ پورے ملک میں ان کا اثر دکھائی دیتا ہے جو مزید مسائل پیدا کرنے کا باعث بنتا ہے۔ صوبائی حکومت کو چاہیے کہ اس معاملے پر خصوصی توجہ دے۔

صحرا چولستان کی خوبصورت سردیاں



سردی اور برف باری کے نظارے دیکھنے پہاڑی علاقوں کا رخ کرنے والے سیاح جوق در جوق پاکستان کے پہاڑی علاقوں کا رخ کر رہے ہیں۔ وہ سیاحت کے ساتھ ساتھ سفر کا ایڈونچر بھی انجوائے کرتے ہیں۔ کیونکہ شدید برف باری کے دوران یہاں کی سڑکیں اور اراستے اکثر بند ہو جاتے ہیں۔ یہاں کے بلند وبالا سرسبز پہاڑوں کی چوٹیاں سفید برف کا لبادہ اوڑ لیتی ہیں۔ گو سیاحت تفریحی، فرحت بخشانہ، صحت افزائی، اطمینان بخشی یا قدرتی نظاروں کو اور وہاں کے موسم اور ثقافت کو دیکھنے کے مقاصد کے لیے سفر ہوتا ہے۔ آج سیاحت ایک مقبول عالمی تفریح اور معاشی سرگرمی بن چکی ہے۔ سیاحت نہ صرف سیر وتفریح اور صحت افزائی کے لیے مفید ہوتی ہے بلکہ سیاحت سے مقامی آبادی اور اس ملک کے اقتصاد کو بھی تقویت ملتی ہے۔ سیاحت سے مختلف ثقافتوں اور خطے سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو ایک دوسرے کو سمجھنے کا موقع ملتا ہے اور مختلف اچھی روایات رسم ورواج اور کلچر کو ایک معاشرے سے دوسرے معاشرے میں رائج ہونے کا موقع ملتا ہے۔ سیاحت کی مختلف اقسام میں قدرتی نظاروں کو دیکھنا، تاریخی اور مذہبی مقامات کو دیکھنا بھی شامل ہوتا ہے۔ تاریخی سیاحت جس میں لوگ آثار قدیمہ وغیرہ کو دیکھ کر اپنے اجداد کے کارناموں پر فخر کرتے ہیں۔ سیاحت آج کل تو ایک ایسی انڈسٹری بنتی جارہی ہے جو وہاں کی معیشت میں ریڑ کی ہڈی کی حیثیت بن چکی ہے۔ دنیا بھر میں سیاحت پر توجہ کا بڑھتا ہوا رجحان وہاں کی معیشت کے لیے کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔ دوسری جانب سیاحت امن کے فروغ اور ملکی زرمبادلہ میں خاطر خواہ اضافہ کا باعث بن رہا ہے۔ کاروبار میں اضافے اور بے روزگاری میں کمی لانے کے لیے سیاحت ایک بہترین ہتھیار ہے۔ پاکستان ایک ایسا خوش قسمت ملک ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے متنوع جغرافیہ اور انواع واقسام کی آب وہوا سے نوازا ہے۔ یہاں ریگستان، سرسبز شاداب علاقے، میدان، پہاڑ، جنگلات، آبشاریں، سرد وگرم علاقے، خوبصورت جھیلیں، جزائر اور تاریخی وثقافتی، مذہبی عمارات کی بہتات ہے۔ شدید سردی میں پہاڑی علاقے سیاحوں کے لیے مشکلات سے دوچار ہو جاتے ہیں اور راستوں کی بندش ان کے لیے پریشانی کا باعث بن جاتی ہے۔ اس لیے اس شدید ترین سرد موسم میں چولستان یا روہی کا علاقہ سیاحت کے لیے کسی جنت سے کم نہیں ہوتا۔ صحرا کی اصل خوبصورتی تو چولستان کی خوبصورت سردیوں میں ہی دیکھنے کو ملتی ہے۔ یہاں کے قدرتی نظارے اور تاریخی ومذہبی آثار قدیمہ دیکھنے کا یہ ہی نایاب اور بہترین وقت ہوتا ہے۔ اس سردی کے موسم میں قدرتی جنگلی حیات کے نظارے قابل دید ہوتے ہیں۔ سائبیریا کے دور دراز سے آنے پرندوں کی بہار یہاں کی خوبصورتی کو چار چاند لگا دیتی ہے۔ دوبئی اور عرب امارات نے اپنے صحراوں کو سفاری پارکس میں بدل دیا ہے اور سیاحت کا اہم جزو بنا دیا ہے۔ سعودی عربیہ نے بھی اپنے صحراوں پر بھرپور توجہ دی ہے۔ لیکن پاکستان کا یہ عظیم صحرا آج بھی توجہ کا منتظر ہے۔ ہمارے عرب مہمان سردیوں میں سائبیریا سے آئے پرندوں کے شکار پر جب تشریف لاتے ہیں تو پورا صحرا پر رونق ہو جاتا ہے یا چولستان جیپ ریلی ایک ایسا ایونٹ ہے جو سردیوں میں منعقد ہوتا ہے اور پورے پاکستان کی توجہ حاصل کر لیتا ہے۔ جی ہاں! چولستان کی خوبصورت سردیاں سیاحت کے لیے سب سے زیادہ موزوں ہیں۔ یہاں آپ کو سیر وسیاحت کے ساتھ اونچے اونچے ٹیلوں پر سفاری کا موقع بھی ملتا ہے اور یہاں کے منفرد بود وباش کو دیکھنے اور مقامی لذیذ کھانوں سے لطف اندوز ہونے کی خواہش بھی پوری ہوتی ہے۔ صحرائے چولستان، جسے مقامی طور پر روہی اور چولستان کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، پنجاب کے جنوبی حصے بہاولپور ڈویژن کا ایک خوبصورت اور بڑا صحرا ہے، جو صوبہ سندھ کے صحرائے تھر اور بھارت کے راجستھان صحرا تک پھیلا ہوا ہے۔ چولستان جنوبی پنجاب کے تین اضلاع بہاولنگر، بہاولپور اور رحیم یار خان میں آتا ہے۔ پاکستان کے ساتھ الحاق سے پہلے یہ تینوں اضلاع مل کر ریاست بہاولپور کہلاتے تھے۔ ریاست بہاولپور کی خوبصورتی یہاں کے خوبصورت شاہی محلات اور تاریخی قلعے نہیں بلکہ یہاں پر موجود لال سونہڑا جیسا نیشنل پارک اس میں موجود چڑیا گھر اور کالے ہرن دیکھنے کو ملتے ہیں جن کی افزائش نسل کے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔۔ پورے بہاولپور میں بیشمار تاریخی اور مذہبی مقامات بھی ہیں۔ اوچ شریف کے بزرگوں کے قدیم مزارات ہماری تاریخ اور ثقافت کا قیمتی اثاثہ ہیں۔ یہاں ہزاروں سال قدیم شہروں کے آثار کی دریافت نے چولستان کی اہمیت میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ تاریخی قلعہ ڈیروار دیکھنے کے لیے آج بھی ملکی وغیر ملکی سیاح جوق در جوق اس سرد موسم میں ہی آتے ہیں کیونکہ یہاں کی گرمی برداشت کرنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ یہاں پانچ دریاوں کا سنگم ہیڈ پنجند سیاحت کے لیے منفرد مقام ہے۔ عام طور پر، چولستان کو گریٹر چولستان اور لیسر چولستان میں تقسیم کیا گیا ہے۔ گریٹر چولستان صحرا کے جنوبی اور مغربی حصے میں ہندوستان کی سرحد تک زیادہ تر ریتلا علاقہ ہے۔ اس علاقے میں ریت کے ٹیلوں کی اونچائی 100 میٹر سے زیادہ ہے۔ خطے کی مٹی بھی بہت زیادہ نمکین ہے۔ لیسر چولستان ایک بنجر اور قدرے کم ریتیلا خطہ ہے جو پرانے ہاکرہ ندی کے کنارے سے شمال اور مشرق میں تاریخی طور پر دریائے ستلج کے کنارے تک پھیلا ہوا ہے۔ صحرائے چولستان میں تاریخی ورثے کی عمارتوں کی ایک طویل فہرست ہے جو اس علاقے میں زندگی کے بہت مضبوط آثار کو ظاہر کرتی ہے جیسے قلعہ دراوڑ، قلعہ اسلام گڑھ، قلعہ میر گڑھ، قلعہ جام گڑھ، قلعہ موج گڑھ، قلعہ ماروٹ، قلعہ پھولارا، قلعہ خانگڑھ، خیر گڑھ قلعہ۔ نواں کوٹ قلعہ اور بجنوٹ قلعہ۔ اس تاریخی ورثے کے وجود کو بہتر طور پر سمجھنے کے لیے دنیا بھر کے سیاحوں کو چولستان کا دورہ کرنا چاہیے۔ اور ان سردیوں میں چولستان کی اندرونی خوبصورتی کو انجوائے کرنا چاہیے۔ صحرا چولستان ہر سال سردیوں میں دنیا بھر کے ٹھنڈے مقامات سے ہجرت کر کے آنے والے لاکھوں اقسام کے پرندوں کی میزبانی کرتا ہے۔ جو یہاں انڈے اور بچوں کی پرورش کرتے ہیں اور ان کی وجہ سے پورے چولستان کو چار چاند لگ جاتے ہیں لیکن بدقسمتی یہ ہیہ ہے کہ ایک وقت کی گوشت کے ساتھ روٹی کے لیے ان کو مار دیا جاتا ہے اور شکار کر دیا جاتا ہے یہ شکار کا شوق جو بیشک جائز ہے اور ہم اس کو غلط نہیں کہتے پر گزارش کرتے ہیں کہ ان بیزبانوں کے بھی گھر بار ہوتے ہیں بچے ہوتے ہیں اور اگر کسی بھی بچے کی ماں ماردی جائے اور وہ بھی صرف ایک وقت کی کھانے کی لذت کے لیے تو صرف ماں نہیں مرتی اس کے ساتھ اس کے بچے بھی گھونسلوں میں مر جاتے ہیں۔ ہزاروں میل لمبے سفر کے بعد یہاں پہنچ کر پناہ لینے والے یہ معصوم پرندے سیاحوں کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں ہوتے۔ سردیوں میں چولستان اور بہاولپور کی سیاحت پر توجہ دینے کی اشد ضرورت ہے جس کے لیے محکمہ سیاحت اور ارباب اختیار کو خصوصی انتظامات کرنے چاہیں۔ خاص طور پر ہر سال فروری میں منعقد ہونے والی جیپ ریلی جو ایک ملک گیر ریلی اور روہی میلہ بن چکا ہے۔ اس ایونٹ کو مزید اجاگر کرنے کی اشد ضرورت ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ یہاں کی ثقافت، تاریخ، خوبصورتی اور انفرادی نظاروں سے لطف اندوز ہو سکیں۔ اس صحرا کے اونچے ٹیلے، جنگلی حیات، پانی کے خوبصورت ٹوبے، اونٹوں کی گھنٹیاں، گایوں کے بڑے بڑے ریوڑ، بکریوں، اور بھیڑوں کی اون سے بنے نوداراتِ، ہرنوں کے غول اور ان کی چہکار اور لذت بھرے خالص گھی اور شہد، گرم دن اور ٹھنڈی راتیں صرف دنیا بھر کے پرندوں کو ہی نہیں بلکہ سیاحت کے شوقین اور شکار کے دلدادہ ملکی وغیر ملکی لوگوں کو اپنی جانب متوجہ کر رہے ہیں۔ نوابوں اور محلات کا یہ تاریخی شہر آپ کا منتظر ہے۔

اللہ کی رضا



عاملوں بابوں گدی نشینوں کی لوٹ مار کی داستانیں بہت درد ناک ہیں جنہوں نے مجھے خوب لوٹا کسی نے جادو کی بات کی کسی نے جنات کا رونا رویا ہر کسی نے تجربہ ہی کیا میرے بچے لیبارٹری بنے رہے اور میں لٹتا رہا اس باپ کی دردناک داستان سن کر کانپ اور لرز رہا تھا کہ ان معذور بچوں کو دیکھ کر بھی اگر کسی کو خدا یاد نہیں آیا تو وہ یقیناً ظالموں میں سے ہی ہوں گے ان بچوں کو دیکھ کر تو شدت سے خدا یاد آ جاتا ہے کون جہنمی اور لعنتی لوگ تھے جنہوں نے اس بے بس باپ کو بھی لو لٹنے سے گریز نہیں کیا وہ دردناک لہجے میں در بدر بھٹکنے کی داستان سنا رہا تھا سر میں نے اپنی پوری کوشش کی جہاں مجھے خبر ملی میں دوڑ کر گیا اور پھر تھک ہار کر ان بچوں کی معذوری خدا کی رضا سمجھ کر بیٹھ گیا کہ جس رنگ میں میرا خدا راضی ہے میں بھی اسی رنگ میں ہی راضی ہوں۔ میری جنرل سٹور نما پرچون کی دوکان ہے میں صبح جا کر دوکان کھول لیتا ہوں سارا دن مزدوری کر کے جب واپس آتا ہوں اور جب اپنے بیٹے یا بیٹی کو گود میں لے کر ان کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالتا ہوں تو تب ان کی آنکھوں میں آشنائی کی چمک آتی ہے تو یہ صرف ہاں ہوں کرتے ہیں ان کا یہ معصوم ردعمل میری دن بھر کی تھکاوٹ کو دور کر دیتا ہے میں سارا دن اس انتظار میں رہتا ہوں کہ کب گھر جاں گا اپنے معذور بچوں کو اپنی آغوش میں لوں گا ان کی آنکھوں کی چمک اور معصوم ہوں ہاں سے میری دن بھر کی تھکاوٹ دور ہو جاتی ہے سر میں اللہ کی رضا میں راضی ہوں مجھے اپنے اللہ سے کوئی شکوہ شکایت نہیں ہے اگر اس نے مجھے اس حال میں رکھنا ہے تو میں اس میں بھی راضی ہوں میں آپ سے صرف یہ درخواست کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ مجھے صحت دے اور اتنا رزق کہ میں ان بچوں کی خدمت کر سکوں میں میری بیوی اور میری بیٹی ان معصوم فرشتوں کی ڈیوٹی میں ہی بہت خوش ہیں میری بڑی بیٹی کیونکہ صحت مند ہے اور ان کی ماں جیسی بہن مجبور بے بس باپ آغوش میں معذور بچہ لیے ملتجی نظروں سے میری طرف دیکھ رہا تھا اس کی آنکھوں میں امید کے چراغ روشن تھے وہ مجھ گناہ گار کو مسیحا سمجھ بیٹھا تھا اور میں اپنے ہی عرق ندامت میں غرق اس کی طرف سوالیہ نظروں سے دیکھ رہا تھا معذور بچوں کے ڈھانچہ نما مڑے تڑے جسم باپ کی بے چارگی، لاچارگی اور بے بسی نے کمرے کی فضا پر سوگواریت کی سیاہ چادر تان دی تھی۔ کوئی جب بھی مدد طلب نظروں سے میری طرف دیکھتا ہے تو میرا دل کرتا ہے اپنا آپ بیچ کر اس کی مدد کروں اسے اس تکلیف درد اور بیماری سے نکالوں ہمیشہ ایسے لوگوں کے دکھ کو دیکھ کر ہی خالق بے نیاز کے حضور سر جھکاتا ہوں کہ وہ رحمٰن رحیم اپنی رحمت کی برسات ایسے دکھی لوگوں پر کر دے اور میرے سوہنے رب نے ہمیشہ ہی اِس فقیر کی لاج رکھی اور دستِ رحمت سے ہی نوازا اب میں نے شفقت بھرے لہجے میں مجبور باپ سے کہا آپ حکم کریں میں آپ کے لیے جو بھی کر سکا ضرور کروں گا اور آپ کے لیے کچھ کر نا میرے لیے بہت بڑی سعادت ہوگی اب میری بات سن کر باپ نے اپنی بیٹی کو آواز دی تو چند لمحوں بعد ایک خوش شکل شریف حیا دار لڑکی اندر آئی اور سلام کیا ساتھ ہی لڑکی کی کمزور بیمار ماں بھی اندر آ گئی اب باپ نے بات شروع کی سر میرے پانچ بچے ہیں جن میں چار لڑکیاں اور ایک بیٹا ہے یہ میری سب سے بڑی بیٹی ہے جو تندرست ہے باقی چاروں بچے معذور ہیں آپ اِن بچوں کو دیکھ رہے ہیں آپ نے بہت سارے معذور بچے دیکھے ہوں گے لیکن اِن بچوں کی معذوری بہت ہی دردناک اور پراسرار ہے وہ اِس طرح کہ باقی بچے حرکت بھی کرتے ہیں چلتے بھی ہیں اور اکثر تو بولتے بھی ہیں لیکن میرے بچے ان بچوں سے بہت مختلف ہیں میرے بچوں کی معذوری زیادہ پیچیدہ ہے اِس بیماری نے اِن کو اِس طرح کھا لیا ہے کہ اب اِن کی ہڈیوں کے گودوں تک سرائیت کر گئی ہے شدید بیماری نے کمزوری اور نقاہت کو اِس درجہ بڑھا دیا ہے کہ یہ اپنی مرضی سے حرکت تک نہیں کر سکتے اِن کے منہ سے ہوں ہاں بس اِس سے زیادہ یہ بول بھی نہیں سکتے ہی اپنی مرضی سے کروٹ بھی نہیں بدل سکتے کھانا پینا یہ بتا نہیں سکتے اِن کی بھوک پیاس اور حاجات کا خیال میں اور میری یہ بڑی بیٹی رکھتے ہیں ہم نے دن رات کا وقت بانٹا ہوا ہے ہم اِن کی آنکھوں کے اشاروں یا وقت سے ہی اندازہ لگا لیتے ہیں اِن بچوں میں بیٹا اور بڑی بیٹی اپنی آنکھوں کے اشاروں سے اپنی حاجت یا بات ہمیں سمجھا سکتے ہیں دوسری دو بیٹیاں تو اِس درجہ تک معذور ہیں کہ بے حس زندہ لاشوں کی طرح پڑی ہیں اِن کو ہم وقت کے ساتھ ہی ڈیل کرتے ہیں اِب بچوں کی معذوری اور صحت کے لیے میں نے وطن عزیز کے چپے چپے کی خاک چھانی ہے جہاں کہیں بھی مجھے امید کی کرن نظر آئی میں دوڑتا ہوا وہاں گیا بھی ہے میری یہ بیٹی اپنی بیمار ماں اور ان بچوں کی سارا دن دیکھ بھال کرتی ہے سر آپ کو جس مسئلے کے لیے بلایا وہ یہ ہے کہ ہم اپنی زندگی میں راضی تھے بیٹی جوان ہوئی تو رشتے آنے شروع ہو گئے پہلے تو بیٹی نے بہت انکار کیا کہ میں اپنے بہن بھائیوں کو چھوڑ کر نہیں جاں گی لیکن پھر ہمارے رشتہ داروں میں ایک ایسا رشتہ آیا جنہوں نے کہا کہ آپ ہمارے بیٹے کو گھر داماد بنالیں ہم اِس خدمت میں آپ کا بھرپور ساتھ دیں گے اور پھر میں نے اپنی بیٹی کی ناں ناں کرنے پر اس کی شادی کر دی اور ہمارا داماد ہمارے گھر آ گیا شروع میں تو ہمارے داماد نے اعتراض نہیں کیا لیکن آہستہ آہستہ اس نے اعتراض کرنا شروع کر دیا کیونکہ داماد کا ہمارے بچوں سے خونی رشتہ نہ تھا اِس لیے وقتی ہمدردی چند دنوں میں ہی دم توڑ گئی اس کے رویئے میں پہلے سرد مہری پھر غصے کی آمیزش بڑھتی گئی اب اس نے کھلے لفظوں میں کہنا شروع کر دیا کہ میں گھر داماد بن کر یہاں نہیں رہ سکتا ہماری بیٹی پر پریشر ڈالنا شروع کر دیا کہ تم گھر چھوڑ کر میرے گھر چلو ہماری بیٹی نے دبے لفظوں میں بار بار وہ وعدے یاد دلائے کہ یہ شادی تو ہوئی ہی اِس شرط پر تھی کہ میں اپنے بہن بھائیوں کی دیکھ بھال کروں گی اور تم گھر داماد بن کر رہو گے لیکن داماد صاحب پر کوئی بھی اثر نہ ہوا آخر اس نے ہمارا گھر چھوڑ دیا ہم نے داماد کی بہت منتیں کیں کہ اس طرح نہ کرو ہمارا گھر نہ چھوڑو ہم نے تو پہلے ہی سب کچھ بتا دیا تھا لیکن وہ اپنی ضد پر اڑا رہا وہ ایک ہی بات کرتا ہماری بیٹی سے کہ یا مجھے چن لو یا اپنے معذور بہن بھائیوں کو آخر جب وہ باز نہ آیا تو ہماری بیٹی نے اپنے بہن بھائیوں کو چن لیا اب ہماری بیٹی دو سال سے ہمارے گھر ہی بیٹھی ہے یہ دن رات اپنے بہن بھائیوں کی خدمت کرتی ہے لیکن ہم میاں بیوی جب بھی اِس کی آنکھوں کی نمی اور سوگواریت دیکھتے ہیں تو کٹ کر رہ جاتے ہیں۔ میں جو اپنے معذور بچوں کی معذوری کو مقدر کا لکھا سمجھ کر صبر شکر کر کے بیٹھا تھا جب بھی اپنی جوان بیٹی کو اپنے گھر میں سوگوار دیکھتا ہوں تو کبھی کبھی میرے صبر کا پیمانہ چھلک پڑتا ہے اور میں اللہ تعالیٰ سے عرض کرتا ہوں اے میرے خدا میں نے تیرا ہر فیصلہ دل سے قبول کیا دل سے مانا لیکن اے اللہ بیٹی کا دکھ مجھ سے برداشت نہیں ہوتا میں روزانہ اپنی بیٹی کو دیکھ کر ریزہ ریزہ ہوتا ہوں یہ غم میری برداشت سے باہر ہے یہ کہہ کر وہ پھوٹ پھوٹ کر دھاڑیں مار کر رونے لگا اور میری آنکھوں سے بھی آنسوں کے آبشار ابل پڑے۔

سرکاری ملازمین پر مسلسل حکومتی نشانے پر

وفاقی حکومت نے آئی ایم ایف کا ایک اور مطالبہ پورا کر دیا ہے۔ حکومتِ پاکستان نے پنشن اصلاحات کے حوالے سے عالمی مالیاتی فنڈ کا مطالبہ پورا کرتے ہوئے سرکاری ملازمین کی پنشن کے حساب کتاب کا طریقہ تبدیل کر دیا ہے۔ یکم جنوری یعنی سال کے پہلے ہی دن اس تبدیلی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سرکاری ملازم کی ریٹائرمنٹ کے وقت اس کی وصول کردہ آخری 24 ماہ کی اوسط بنیادی تنخواہ کے 70 فیصد کے حساب سے اب اس کی پنشن بنے گی۔ قبل ازیں آخری بنیادی تنخواہ کے حساب سے پنشن بنائی جاتی تھی۔ نئی پالیسی کے تحت آخری دو سال کے دوران تنخواہ میں سالانہ انکریمنٹ اور اس دوران سکیل ریوائز ہونے کا مکمل فائدہ اٹھانے سے سرکاری ملازمین کو محروم کر دیا گیا ہے۔ ایک اور اصلاح یہ کی گئی ہے کہ سرکاری ملازمین کی ڈبل پنشن پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ اگر کوئی سرکاری ملازم کسی ایک محکمے سے ریٹائرمنٹ لینے کے بعد کسی دوسرے محکمے میں ملازمت اختیار کر کے وہاں بھی مدت ملازمت پوری کرے گا تو اسے ایک ہی پنشن ملے گی۔ قبل ازیں دونوں محکموں سے وہ ملازم پنشن وصولی کا حقدار تھا۔ اس ترمیم میں ایک اور خوفناک اضافہ یہ کیا گیا ہے کہ اب اگر کوئی ملازم ریٹائرمنٹ کے بعد کسی دوسری جگہ سرکاری ملازمت کرے گا تو وہ اپنی پہلی ملازمت کی پنشن کا حقدار نہیں ہوگا۔ قبل ازیں ایسی کوئی پابندی نہ تھی۔ اس کا زیادہ نقصان ہمارے ان فوجی جوانوں کو ہوگا جو چالیس سال کی عمر کے لگ بھگ ریٹائرڈ ہونے کے بعد کم پنشن اور بڑھتے گھریلو اخراجات کی وجہ سے کسی سکول، ہسپتال یا کسی دوسرے محکمے میں بطور سیکورٹی گارڈ نائب قاصد یا کلرک بھرتی ہو جاتے تھے اور اپنی تنخواہ و پنشن کے ساتھ گھر کے اخراجات پورے کرتے تھے۔ وزارت خزانہ کا دعویٰ ہے کہ پنشن اصلاحات سے حکومت کو سالانہ اربوں روپے کی بچت ہوگی۔ اس نوٹیفکیشن میں پنشنرز پر ایک اور کلہاڑا بھی چلایا گیا ہے۔ وہ یہ کہ قبل ازیں ہر سال بجٹ کے موقع پر جب پنشن میں اضافہ ہوتا تھا تو وہ اضافہ ان کی بنیادی پنشن میں ضم کر دیا جاتا تھا۔ یوں حاضر سروس ملازمین کی طرح پنشنرز کی بنیادی پنشن بھی ہر سال بڑھتی رہتی تھی اور آئندہ بجٹ میں اضافہ اس بڑھی ہوئی بنیادی پنشن پر ہوتا تھا۔ اب اس میں تبدیلی کر کے حکومت نے بجٹ میں کیے گئے اضافہ کو بنیادی پنشن میں ضم نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سالانہ اضافے کا اندراج پنشن سلپ میں علیحدہ سے ہوا کرے گا۔ یعنی آئندہ پنشنرز کی پنشن میں اضافہ پہلی بنیادی پنشن کے حساب سے ہوا کرے گا۔ اس کا پنشنرز کو بہت زیادہ نقصان ہوگا۔ حکومت ہر سال حاتم طائی کی قبر پر لات مار کر سالانہ بجٹ کے موقع پر پنشن میں دس فیصد اضافے کا اعلان کرے گی۔ نئے پنشنرز کی پنشن میں تو وہ اضافہ دس فیصد ہی ہوگا مگر پنشنرز کی بہت بڑی تعداد ایسی بھی ہوگی جن کی پنشن میں یہ اضافہ دو یا تین فیصد ہوگا۔ یہ اصلاحاتی تبدیلی پنشنرز کے ساتھ زیادتی نہیں بلکہ ظلم ہے۔ یہ ظلم ایسے وقت کیا گیا ہے جبکہ اراکینِ پارلیمنٹ کی تنخواہوں میں حکومت نے 900 فیصد تک اضافہ کر دیا ہے۔ یعنی حاضر سروس اور ریٹائرڈ غریب سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں سالانہ اربوں روپے کا کٹ لگا کر وہ اربوں روپے اراکین پارلیمنٹ، وزراء اور مشیروں کو دینے کا بندوبست کیا گیا ہے۔ حیرت ہے کہ اراکین پارلیمنٹ، وزراء اور مشیروں کی تنخواہ میں 900 فیصد اضافے پر آقا و مربی آئی ایم ایف کو کوئی اعتراض نہیں ہے۔ ہمارے نوجوان سیاست دان چیئرمین پیپلز پارٹی جناب بلاول بھٹو زرداری سابقہ حکومت پر تنقید کرتے ہوئے طنزاً پارٹی کا نام بگاڑ کر سابقہ حکومت کو پی ٹی آئی ایم ایف کی حکومت کہا کرتے تھے۔ آج عملی طور پر وہ ایسی حکومت کے اتحادی ہیں جو آئی ایم ایف کی ہر شرط کو فرض مان کر پورا کر رہی ہے۔ جناب وزیرِ اعظم کا ایک بیان آج ہی اخبارات کی زینت بنا ہے جس میں وہ قوم کو یہ خوش خبری سنا رہے ہیں کہ ملکِ عزیز میں مہنگائی گزشتہ 81 ماہ کی کم ترین سطح پر آ گئی ہے۔ اگر محترم وزیرِ اعظم کی بات کو سچ مان لیا جائے تو پھر سوال تو اٹھتا ہے کہ مہنگائی میں اتنی زیادہ کمی کے باوجود اراکین پارلیمنٹ کی تنخواہوں میں بہت بڑا اضافہ کرنے کا کیا جواز ہے؟ کیا یہ کھلم کھلا تضاد نہیں ہے؟ کچھ عرصہ قبل رول 17 اے ختم کر کے دورانِ ملازمت فوت ہو جانے والے سرکاری ملازمین کے بچوں کا ملازمت میں کوٹہ ختم کر کے ان سے ایک جائز رعایت واپس لینے کا نامناسب فیصلہ بھی ہو چکا ہے۔ سرکاری ملازمین مسلسل حکومت کے نشانے پر ہیں۔ شاید اس کی وجہ یہ ہے کہ حکومت کا کسی اور پر بس ہی نہیں چلتا۔ قبل ازیں لیوانکیشمنٹ کے قانون میں تبدیلی کر کے حکومتِ پنجاب نے کرپشن کی ایک نئی راہ کھول دی ہے۔ ملازمین اپنی ایل پی آر تبجیکٹ کروانے کے لیے ہزاروں اور افسران لاکھوں روپے رشوت دینے پر مجبور کر دیئے گئے ہیں۔ اللہ جانے حکمرانوں کے من میں کیا سمائی ہے کہ ملازمین کش پالیسیوں کا نفاذ کر کے آئے روز ان کی گردن پر ایک نئی کُند چھری چلائی جا رہی ہے۔ ملازمین تیس پینتیس سال پہلے جن مراعات اور شرائط پر ملازم ہوئے تھے ان میں تبدیلیاں کر کے مراعات واپس لینا سراسر زیادتی ہے۔ یہ مراعات حکومت کی طرف سے اپنے خدمت گاروں کو دیئے گئے تحفے ہوتے ہیں۔ حکومتوں اور حکمرانوں کے دل بہت بڑے ہوتے ہیں۔ انہیں کشادہ دل ہی رہنا چاہیے۔ تحفے دے کر واپس نہیں لیے جاتے۔



ڈاکٹر من موہن سنگھ: ایک عظیم رہنما کی بے توقیری یا روایات کی خلاف ورزی؟

ڈاکٹر من موہن سنگھ، بھارت کے سابق وزیر اعظم، ایک ایسی شخصیت تھے جنہیں ان کی دیانت داری، علمی قابلیت، اور ملک کے لیے بے شمار خدمات کے باعث ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ وہ بھارت کے پہلے سکھ وزیر اعظم تھے، جنہوں نے 2004 سے 2014 تک دس سالہ اقتدار کے دوران ملک کو اقتصادی ترقی کی نئی بلندیوں تک پہنچایا۔ ان کی وفات کے بعد ان کے جسد خاکی کو نگم بودھ گھاٹ لے جایا گیا، جہاں ان کی آخری رسومات ادا کی گئیں۔ تاہم، ان کی آخری رسومات راج گھاٹ پر منعقد نہ کرنے کے فیصلے نے ایک نئی بحث کو جنم دیا ہے۔ اپوزیشن رہنما راہول گاندھی نے اس فیصلے کو ڈاکٹر من موہن سنگھ کی بے توقیری قرار دیا ہے، جس پر مختلف سیاسی، سماجی، اور عوامی حلقوں میں بحث جاری ہے۔ ڈاکٹر من موہن سنگھ ایک ماہر اقتصادیات تھے، جنہوں نے 1991 کے اقتصادی اصلاحات کے معمار کے طور پر بھارت کی معیشت کو نئی راہ پر گامزن کیا۔ وزیر اعظم کے طور پر انہوں نے عالمی سطح پر بھارت کے وقار میں اضافہ کیا اور داخلی طور پر مختلف تر قیاتی منصوبے متعارف کروائے۔ ان کی سادگی، شرافت، اور سیاسی استحکام کے لیے کام کرنے کا جذبہ انہیں بھارت کی سیاست میں ایک منفرد مقام دیتا ہے۔ راج گھاٹ: قومی علامت اور اہمیت راج گھاٹ بھارت کا وہ تاریخی مقام ہے جہاں مہاتما گاندھی کی آخری رسومات ادا کی گئیں۔ یہ جگہ بھارت کے عظیم رہنماؤں کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے مخصوص ہے۔ جواہر لعل نہرو، اندرا گاندھی، راجیو گاندھی، اور دیگر اہم شخصیات کی آخری رسومات بھی یہیں منعقد کی گئیں۔ یہ مقام نہ صرف ایک علامتی حیثیت رکھتا ہے بلکہ بھارت کی قومی یکجہتی اور عظیم رہنماؤں کی خدمات کے یادگار کے طور پر جانا جاتا ہے۔ نگم بودھ گھاٹ: ایک عام مقام نگم بودھ گھاٹ، دہلی کا ایک روایتی شمشان گھاٹ ہے، جہاں عام طور پر آخری رسومات ادا کی جاتی ہیں۔ اگرچہ یہ مقام دہلی کے عوام کے لیے عام حیثیت رکھتا ہے، لیکن اسے قومی سطح پر راج گھاٹ جیسی علامتی حیثیت حاصل نہیں ہے۔ یہاں سخت حفاظتی انتظامات کے باوجود عوام کو شرکت کی عام اجازت ہوتی ہے، جو اسے راج گھاٹ سے مختلف بناتی ہے۔ راج گھاٹ اور نگم بودھ گھاٹ کا موازنہ۔ راج گھاٹ ایک ایسا مقام ہے جو بھارت کے عظیم رہنماؤں کو قومی سطح پر عزت اور مقام فراہم کرتا ہے۔ اس کے برعکس، نگم بودھ گھاٹ ایک عام شمشان گھاٹ ہے، جو عام شہریوں کی آخری رسومات کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ 1. علامتی حیثیت۔ راج گھاٹ ک



والدین بچوں کے دانتوں کی حفاظت کے ذمہ دار ہیں



اقصیٰ ناز ایڈووکیٹ

منہ کی بہتر صحت حفظانِ صحت کے اصولوں میں بنیادی حیثیت کی حامل ہے دانتوں کی حفاظت کا آغاز دودھ کے دانتوں سے ہی کر دینا چاہیے۔ بچپن میں برتی ہوئی غفلت آگے چل کر پیچیدہ نوعیت کے مسائل کا سبب بنتی ہے۔ لہٰذا دودھ کے دانتوں کو یہ کہہ کر نظر انداز کرنا کہ نئے دانت آجائیں گے، قطعی درست سوچ نہیں۔ چند سادہ سی باتوں کا خیال رکھ کر ہم اپنے بچوں کے منہ کی صحت کو بہتر بنا سکتے ہیں۔ یاد رکھیں، بچوں کے دانتوں کی حفاظت والدین کی ذمہ داری ہے۔ بچوں کی بہتر جسمانی نشوونما اور صحت کے لئے دانتوں کی حفاظت کے لئے احتیاطی تدابیر اختیار کرنا بہت ضروری ہے۔

جب بچہ تین مہینے کا ہو جائے، تو ہر مرتبہ دودھ پلانے کے بعد خاص طور پر جب رات کو آخری بار آپ بچے کو دودھ پلائیں اور بچہ سونے والا ہو تو نہایت نرمی سے گیلے کپڑے کے ساتھ اس کے دانت اور مسوڑھوں کو صاف کریں۔ اس کے علاوہ بچوں کو میٹھی ادویات یا چیزیں کھلانے کے بعد دانت صاف کرنا بے حد ضروری ہوتا ہے۔ جونہی بچے کا پہلا دانت ظاہر ہو آپ ٹوتھ برش کا استعمال شروع کر سکتے ہیں۔ اپنے بچے کو ڈینٹسٹ کے پاس 6 ماہ کی عمر میں پہلی ملاقات کے لئے لیکر جائیں اور معالج کی ہدایات پر عمل کریں۔ یاد رہے کہ بچے کے دودھ کے دانت 6 سے لیکر 12 سال کی عمر تک اترتے ہیں اور اس کے بعد مستقل دانت نکلتے ہیں۔ انہیں صاف رکھنا بے حد ضروری ہے۔ والدین بچوں کو دانت کی صفائی کی عادت ڈالیں۔ آپ کے بچے کے دانت بھر بھرے، آلودہ اور ٹوٹ رہے ہوں یا بچے کے دانت میں سوراخ (کھوڑ) ہو تو علاج میں تاخیر سے درد میں اضافہ اور انفیکشن ہو سکتی ہے اور اس انفیکشن کی وجہ سے بچہ سخت بیمار ہو سکتا ہے۔ اس کے علاوہ شدید قسم کی انفیکشن آپ کے بچے کے دانتوں کو مستقل نقصان پہنچا سکتی ہے۔ اس لئے اسے نظر انداز مت کریں اور فوراً قریبی ڈینٹسٹ سے اس کا علاج کروائیں۔ اپنے بچے کو دن میں دو بار برش کرائیں، ممکن ہو تو ہر کھانے کے بعد ورنہ رات کو سونے سے پہلے برش کرنا انتہائی ضروری ہے۔ اس میں غفلت ہرگز مت کریں، ورنہ دانت خراب ہو سکتے ہیں۔ بچوں کے لئے جو برش استعمال کیا جائے وہ نرم ہو اور اس سے بچوں کے مسوڑھوں یا دانتوں کو نقصان پہنچنے کا احتمال نہ ہو۔ ٹوتھ برش کے ریشے نرم اور گول ہونے چاہئیں۔ یہ بچے کے مسوڑوں پر نرمی سے کام کریں گے۔ جہاں مسوڑھے دانتوں سے ملتے ہیں وہاں 45 ڈگری کے زاویے سے برش کرنا شروع کریں۔ برش کو دائرے کی شکل میں حرکت دیں، رگڑیں نہیں۔ اگر آپ برش کو سختی سے رگڑیں گے تو مسوڑوں کو نقصان پہنچے گا۔ بجلی سے چلنے والا ٹوتھ برش بھی اچھا کام کرتا ہے۔

زیادہ تر چھوٹے بچے بجلی یا بیٹری سے چلنے والا برش پسند کرتے ہیں۔ اپنے ڈینٹسٹ سے اپنے بچے کے لئے بجلی یا بیٹری سے چلنے والے برش کے متعلق مشورہ لازمی لینے سے بچے کے دانتوں پر نشان پڑ جاتے ہیں اس لئے بچے کو ٹوتھ پیسٹ کی محدود مقدار دی جائے برش سے دانتوں کی اچھی طرح صفائی کرنے میں آپ بچے کی مدد اور حوصلہ افزائی کریں۔ دانتوں کو فلاس کرنا بھی بہت ضروری ہے۔ اپنے بچے کو تین سال کی عمر سے فلاسنگ کی عادت ڈالیں۔ جب آپ کے بچے کے پچھلے دانت نکل کر ایک دوسرے کے ساتھ مل جائیں تو یہ فلاسنگ شروع کرنے کا صحیح وقت ہے۔ فلاسنگ کرنا اس لئے بھی ضروری ہے کہ برش دانتوں کے بیچ پوری طرح نہیں پہنچ پاتا۔ فلاسنگ کرنے کے لئے آپ کے بچے کو آپ کی مدد درکار ہوگی لیکن 10 یا 11 سال کی عمر میں بچہ خود فلاس کرنے کے قابل ہو جائے گا۔ جب آپ اپنے بچے کے ڈینٹسٹ کے پاس جائیں تو اس سے یا ڈینٹل ہائی جینسٹ سے درخواست کیجئے کہ وہ فلاسک کرنے میں بچے کی راہنمائی کریں۔

شروع سے ہی بچوں کی خوراک کے معاملے میں محتاط رویہ اختیار کرنے کی ضرورت ہے۔ مشروبات اور دیگر ایسی اشیاء جن میں شکر کی مقدار زیادہ ہو، کم سے کم استعمال کریں پھلوں کے جوس کو مزید میٹھا بنانے کے لئے اس میں شکر مت ڈالیں، مشروبات اور دیگر شکر کی زائد مقدار رکھنے والی غذاؤں کا عادی نہ ہونے دیں۔ سوتے وقت بیڈ پر جانے سے پہلے اپنے بچے کو دودھ، فارمولہ، جوس یا میٹھا شربت دینے سے پرہیز کریں۔ بستر پر جانے سے پہلے بچے کو بوتل میں ڈال کر سادہ پانی پلائیں۔ بڑے بچوں کو جوس، میٹھی چیزیں یا ٹافیاں کھانے کے بعد ایک گلاس پانی پلائیں۔ اس طرح کرنے سے دانتوں سے چپکی چینی صاف ہو جائے گی اور دانت کیڑا لگنے سے محفوظ رہیں گے۔ اپنے بچے کو کبھی بھی میٹھے پانی، دودھ، یا جوس سے بھری بوتل یا ٹریننگ کپ بھر کے ادھر ادھر گھومنے مت دیں۔ بچے کی چوسنی کو کبھی بھی شہد یا میٹھے میں ڈبو کر نہ دیں، اسکی بجائے پلین چوسنی دیں۔ انہیں ٹافیاں، چاکلیٹ اور بسکٹ کی عادت نہ پڑنے دیں۔ کھانے کی میز پر ایسی اشیاء رکھنے سے گریز کریں جو بچوں کے دانتوں کے لئے نقصان دہ ہوں۔ ایسے بچے جو بوتل کو پکڑنے کی صلاحیت حاصل کر چکے ہوں اور طویل عرصے تک بوتل کو ساتھ چمٹائے رکھتے ہوں، انہیں بوتل میں جوس نہ پلایا جائے۔ بچوں کا مسلسل فیڈر استعمال کرنا ان کے دانتوں اور مسوڑھوں کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔ جو بچہ انگوٹھا چوستا ہو، اسے اس عادت سے نجات دلائیں۔ اگر بچہ دانت کے درد کی شکایت کرتا ہے تو اسے فوراً ماہر کے پاس لے جائیں۔ دانتوں میں اگر کوئی خلا پیدا ہو جائے تو کسی ماہر سے فوراً پرکرائیں اور اسے بڑھنے نہ دیں۔ ہر سال کم از کم تین دفعہ دانتوں کا کسی ماہر ڈینٹسٹ سے معائنہ کروائیں۔ والدین اپنے دانتوں کا معائنہ بھی لازمی کروائیں اور بچوں کو ترغیب دینے کے لئے انہیں اپنے ساتھ لے کر جائیں تاکہ وہ ڈینٹسٹ سے بے خوف ہو جائیں۔ یاد رکھیں، دانت قدرت کا انمول تحفہ ہیں۔ چہرے کی خوبصورتی کے ساتھ دلکش اور حسین مسکراہٹ خوبصورت دانتوں کی مرہون منت ہے۔ اس لئے دانتوں کی صفائی اور خوبصورتی کا خیال رکھیں۔

نوٹ: حکیم احمد حسین اتحادی قومی طبی کونسل (وزارت صحت) حکومت پاکستان کے گولڈ میڈلسٹ معالج ہیں اور پاکستان میں شعبہ طب یونانی کے ماہر اطباء میں شمار ہوتے ہیں۔ عبدالحکیم شہر میں ان کا مطب ہے۔ قارئین مزید معلومات کے لئے وٹس اپ نمبر 03007305499 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ (ادارہ)







وزن کم کرنے کیلئے بھرپور صحت بخش ناشتہ کریں



دن کا آغاز صحت بخش ناشتہ سے کرنا

ناشتہ کی اہمیت پر جتنا زور دیا جائے وہ کم ہے۔ ہر سائنسی تحقیق ہمیں روزانہ باقاعدگی سے بھرپور صحت بخش ناشتہ کرنے کی تجویز دیتی ہے۔ حیران کن طور پر ناشتہ کا ایک غیر متوقع فائدہ وزن میں کمی بھی ہے۔ جو لوگ ناشتہ چھوڑ دیتے ہیں وہ دراصل خود کو دن بھر مجموعی طور پر زیادہ کیلوریز کھانے کے رجحان میں مبتلا کر لیتے ہیں اور عموماً میٹھی اور چکنی غذاؤں کا استعمال کرتے ہیں، ناشتہ چھوڑنے کا مطلب یہ ہے کہ آپ طاقت سے منہ موڑ رہے ہیں جو صحت کے لیے اہم اور ضروری ہے۔

ایک مطالعہ کے مطابق جو لوگ ناشتہ نہیں کرتے وہ فولک ایسڈ، وٹامن سی، کیلشیم، میگنیشیم، آئرن اور پوٹاشیم جیسے اہم وٹامنز، معدنی اجزاء اور غذائی فائبر کی مناسب مقدار سے محروم رہتے ہیں اور یہ سب آپ کے جسم خصوصاً ہڈیوں اور دل کی شریانوں کے نظام کے ساتھ آپ کو جوان اور صحت مند رکھنے کے لیے نہایت ضروری ہیں۔

ناشتہ جسم میں غذائیت کی کمی دور کرنے، نشوونما اور میٹا بولزم کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتا ہے اور پہلے پہر کے دوران تیزی سے کیلوریز جلانے کا سبب بنتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی دن میں آپ کو صحت بخش خوردونوش کے لیے درست غذائی انتخاب میں مدد ملتی ہے بصورت دیگر غذائیت کی کمی ذہنی انتشار پیدا کرتی ہے اور پھر جو کچھ آپ کے سامنے آتا ہے آپ اسے کھانے کے لیے بے تاب ہو جاتے ہیں۔

کارن فلیکس، جیم اور ڈبل روٹی کے مقابلے میں دہی، پھلوں اور دلیہ کا ناشتہ زیادہ چربی جلانے میں مفید ہے۔ ناشتہ میں دلیہ کھانا دن بھر اطمینان اور شکم سیری کا احساس دیتا ہے حالانکہ کیلوریز میں دونوں ناشتہ تقریباً برابر ہیں۔ بس پروٹین، غذائی ریشے، چکنائی اور کاربوہائیڈریٹس کا فرق ہے۔ یہ ناشتہ ایندھن کا کام کرتے ہوئے مستحکم توانائی پیدا کرتا ہے لیکن بلڈ شوگر میں اضافہ نہیں کرتا۔

اسنیکس لینا ضروری

اپنی روزمرہ کیلوریز کے حصول کو اعتدال اور کنٹرول میں رکھنے کے لیے کم کھانے کی حکمت عملی اپنائیں۔ تحقیق کے مطابق ایک دن میں تین بڑے کھانوں کے بجائے پانچ یا چھ چھوٹے چھوٹے کھانے یا تین بڑے معتدل مقدار کے کھانے اور دو اسنیکس آپ کے بلڈ شوگر اور تونائی کی سطح کو متوازن اور آپ کے میٹا بولزم کو فعال رکھتے ہیں۔ وزن کم کرنے کے لیے ہر تین سے چار گھنٹے بعد کھانا کھائیں لیکن غذائیت سے بھرپور کیلوریز سے نہیں بلکہ کھانوں میں تین سے چار سو اور اسنیکس میں سو سے دو سو کیلوریز ہوں۔

کھانے کی حکمت عملی کو موثر بنانے کے لیے آپ کو اپنے اسنیکس پر بھی نظر ثانی کرنے کی ضرورت ہوگی۔ کاربوہائیڈریٹس اور مٹھائیاں آپ کے انسولین لیول میں اضافہ کر سکتی ہیں، ان سے ذیابطیس کا خطرہ پیدا ہو جاتا ہے اور پیٹ کی چربی میں اضافہ ہوتا ہے۔ مرکب یا مخلوط کاربوہائیڈریٹس کا انتخاب بہتر رہتا ہے، مثلاً سالم اناج۔

اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے تمام کھانوں میں پروٹین، نباتاتی غذائیں اور تھوڑی سی صحت بخش چکنائی شامل ہوتا کہ آپ کو دیر تک شکم سیری کا احساس رہے۔ پروٹین میٹا بولزم کو فعال رکھنے کے لیے ضروری ہے۔ اسنیکس میں پھل اور سبزیاں شامل کرنے سے وہ لذت کے ساتھ کم کیلوریز والے اینٹی آکسیڈنٹس اور محافظ مرکبات مہیا کرتی ہیں۔

آج کے دور میں فاسٹ فوڈ کے استعمال اور لائف اسٹائل کے باعث موٹاپا ایک عالمی بیماری کی حیثیت اختیار کر چکا ہے۔ خواتین، مرد، بچے، اور بوڑھے؛ دورِ جدید میں موٹاپے نے کسی کو بھی نہیں چھوڑا۔

ایسے میں لوگوں کی کوشش ہوتی ہے کہ وہ اپنا وزن کم کریں اور اسے معتدل سطح پر برقرار رکھیں۔

اکثر لوگوں کا خیال ہے کہ موٹاپے سے نجات کے لیے کھانے یا اسنیکس وغیرہ سے پرہیز کرنے سے وزن قابو میں رہے گا۔ لیکن اگر کوئی بھی ناشتہ یا بہت دیر تک کھانا پینا یا بیٹھا کھانا بند کر دے تو ڈائٹنگ کی وجہ سے کمزوری کو تیزی سے غالب آنے کے لیے کھلی چھوٹ مل جاتی ہے۔ وزن کم کرنے کے لیے فاقے کرنے کی ضرورت نہیں بلکہ اس کے بغیر بھی وزن کم کیا جا سکتا ہے اور جسم کو درکار توانائی بھی فراہم کی جا سکتی ہے۔ ایسا کرنے سے آپ اپنی من پسند غذا بھی لے سکتے ہیں۔ اس کے لیے اعتدال میں رہتے ہوئے غذا کا انتخاب اور اپنی روزمرہ کیلوریز کے بجٹ کے اندر رہنا ہے۔

تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ اکثر لوگ ناشتہ اور اسنیکس کی چھٹی کرتے ہیں اور دوپہر اور رات کا کھانا بڑی فراخ دلی سے کھاتے ہیں، اس اطمینان کے ساتھ کہ انھوں نے تو دن بھر میں دو بار ہی کھانا کھایا ہے، جس سے ان کا وزن کم ہوگا۔ اسی بات کے پیش نظر ذیل میں صبح کے ناشتہ اور گیارہ اور چار بجے کے دوران لیے جانے والے اسنیکس کی افادیت بیان کی جارہی ہے۔

دن کا آغاز صحت بخش ناشتہ سے کرنا

ناشتہ کی اہمیت پر جتنا زور دیا جائے وہ کم ہے۔ ہر سائنسی تحقیق ہمیں روزانہ باقاعدگی سے بھرپور صحت بخش ناشتہ کرنے کی تجویز دیتی ہے۔ حیران کن طور پر ناشتہ کا ایک غیر متوقع فائدہ وزن میں کمی بھی ہے۔ جو لوگ ناشتہ چھوڑ دیتے ہیں وہ دراصل خود کو دن بھر مجموعی طور پر زیادہ کیلوریز کھانے کے رجحان میں مبتلا کر لیتے ہیں اور عموماً میٹھی اور چکنی غذاؤں کا استعمال کرتے ہیں، ناشتہ چھوڑنے کا مطلب یہ ہے کہ آپ طاقت سے منہ موڑ رہے ہیں جو صحت کے لیے اہم اور ضروری ہے۔

ایک مطالعہ کے مطابق جو لوگ ناشتہ نہیں کرتے وہ فولک ایسڈ، وٹامن سی، کیلشیم، میگنیشیم، آئرن اور پوٹاشیم جیسے اہم وٹامنز، معدنی اجزاء اور غذائی فائبر کی مناسب مقدار سے محروم رہتے ہیں اور یہ سب آپ کے جسم خصوصاً ہڈیوں اور دل کی شریانوں کے نظام کے ساتھ آپ کو جوان اور صحت مند رکھنے کے لیے نہایت ضروری ہیں۔

ناشتہ جسم میں غذائیت کی کمی دور کرنے، نشوونما اور میٹا بولزم کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتا ہے اور پہلے پہر کے دوران تیزی سے کیلوریز جلانے کا سبب بنتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی دن میں آپ کو صحت بخش خوردونوش کے لیے درست غذائی انتخاب میں مدد ملتی ہے بصورت دیگر غذائیت کی کمی ذہنی انتشار پیدا کرتی ہے اور پھر جو کچھ آپ کے سامنے آتا ہے آپ اسے کھانے کے لیے بے تاب ہو جاتے ہیں۔

کارن فلیکس، جیم اور ڈبل روٹی کے مقابلے میں دہی، پھلوں اور دلیہ کا ناشتہ زیادہ چربی جلانے میں مفید ہے۔ ناشتہ میں دلیہ کھانا دن بھر اطمینان اور شکم سیری کا احساس دیتا ہے حالانکہ کیلوریز میں دونوں ناشتہ تقریباً برابر ہیں۔ بس پروٹین، غذائی ریشے، چکنائی اور کاربوہائیڈریٹس کا فرق ہے۔ یہ ناشتہ ایندھن کا کام کرتے ہوئے مستحکم توانائی پیدا کرتا ہے لیکن بلڈ شوگر میں اضافہ نہیں کرتا۔

اسنیکس لینا ضروری

اپنی روزمرہ کیلوریز کے حصول کو اعتدال اور کنٹرول میں رکھنے کے لیے کم کھانے کی حکمت عملی اپنائیں۔ تحقیق کے مطابق ایک دن میں تین بڑے کھانوں کے بجائے پانچ یا چھ چھوٹے چھوٹے کھانے یا تین بڑے معتدل مقدار کے کھانے اور دو اسنیکس آپ کے بلڈ شوگر اور تونائی کی سطح کو متوازن اور آپ کے میٹا بولزم کو فعال رکھتے ہیں۔ وزن کم کرنے کے لیے ہر تین سے چار گھنٹے بعد کھانا کھائیں لیکن غذائیت سے بھرپور کیلوریز سے نہیں بلکہ کھانوں میں تین سے چار سو اور اسنیکس میں سو سے دو سو کیلوریز ہوں۔

کھانے کی حکمت عملی کو موثر بنانے کے لیے آپ کو اپنے اسنیکس پر بھی نظر ثانی کرنے کی ضرورت ہوگی۔ کاربوہائیڈریٹس اور مٹھائیاں آپ کے انسولین لیول میں اضافہ کر سکتی ہیں، ان سے ذیابطیس کا خطرہ پیدا ہو جاتا ہے اور پیٹ کی چربی میں اضافہ ہوتا ہے۔ مرکب یا مخلوط کاربوہائیڈریٹس کا انتخاب بہتر رہتا ہے، مثلاً سالم اناج۔

اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے تمام کھانوں میں پروٹین، نباتاتی غذائیں اور تھوڑی سی صحت بخش چکنائی شامل ہوتا کہ آپ کو دیر تک شکم سیری کا احساس رہے۔ پروٹین میٹا بولزم کو فعال رکھنے کے لیے ضروری ہے۔ اسنیکس میں پھل اور سبزیاں شامل کرنے سے وہ لذت کے ساتھ کم کیلوریز والے اینٹی آکسیڈنٹس اور محافظ مرکبات مہیا کرتی ہیں۔

ذہنی امراض کے سدباب کیلئے سائیکوتھراپی کا کردار



سائیکوتھراپی کیوں اہم ہے؟

طبی ماہرین کے مطابق سائیکوتھراپی، کوئی عام گفتگو نہیں بلکہ ایک ایسا سائنسی عمل ہے جس میں سائیکوتھراپسٹ مریض کے لیے ایک محفوظ، مددگار اور راز دارانہ ماحول قائم کرتا ہے، تاکہ مریض اس دوستانہ فضا میں اپنی زندگی کی حقیقتوں کے بارے میں کھل کر بات کر سکے۔ ذہنی بیماریوں کے دوران اکثر افراد اپنے احساسات کسی سے بھی شیئر کرنے میں خوف محسوس کرتے ہیں، ان کے لیے اپنے احساسات و جذبات رشتہ داروں یا دوستوں کے ساتھ بانٹنا مشکل ہوتا ہے۔ ایسی صورت میں سائیکوتھراپسٹ سے تبادلہ خیال ثبت نتائج کا باعث بنتا ہے۔

سائیکوتھراپی پر کی جانے والی ایک تحقیق کے نتائج میں بتایا گیا ہے کہ ذہنی امراض کے خاتمے کے لیے سائیکوتھراپی کا کردار ادویات کی طرح ہی موثر ہے اور اس کے ذریعے مریض کی نفسیاتی کیفیات میں دیرپا اور مثبت تبدیلی کو یقینی بنایا جاتا ہے۔ اس تحقیق میں سائیکوتھراپی کی اہمیت جاننے کے لیے مریضوں کو دو گروپس میں تقسیم کیا گیا، ایک گروپ کے مریضوں کو سائیکوتھراپی کروائی گئی جبکہ دوسرے کو نہیں، اور جب کچھ عرصہ بعد دونوں گروپوں کا مقابلہ کیا گیا تو ثابت ہوا کہ سائیکوتھراپی کروانے والا گروپ نہ صرف نفسیاتی بلکہ جسمانی طور پر بھی صحت مند تھا بہ نسبت اُس گروپ کے جس کی ٹریٹمنٹ میں سائیکوتھراپی شامل نہیں تھی۔

سائیکوتھراپی کون لوگ کرتے ہیں؟

سائیکوتھراپی ویسے تو ایک منفرد پیشہ ہے لیکن مختلف ماہر نفسیات مریض کیعلاج کے دوران باقاعدگی سے اس کا استعمال کرتے ہیں۔ ان مریضوں کو سائیکوتھراپی کی ضرورت ہوتی ہے جو ذہنی بیماری کا شکار ہوں، جو اپنے رشتوں میں مسائل کا سامنا کر رہے ہوں، جو اپنی زندگی میں کسی بڑی تبدیلی کا سامنا کر رہے ہوں، جو اپنی زندگی کے کسی اہم فیصلے کے بارے میں الجھن کا شکار

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد ذیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

حافظ آباد: ڈسٹرکٹ ایمرجنسی سروس ریسکیو نے گزشتہ سال کی رپورٹ جاری کردی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 حافظ آباد نے گذشتہ سال کے دوران موصول ہونے والی 31885 ایمرجنسی کالز پر مجموعی طور پر 24219 افراد کو امداد فراہم کی گئی جبکہ مختلف حادثات و واقعات کے دوران 290 افراد جاں بحق ہوئے۔ گذشتہ سال ضلعی دفتر کو 61497 غیر متعلقہ اور بوگس کالز موصول ہوئیں۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر عدنان نواز کے مطابق گزشتہ سال ریسکیو 1122 کنٹرول روم حافظ آباد کو مجموعی طور پر 93282 کالز موصول ہوئیں، جن میں سے 61397 سرکاری ہسپتالوں جن میں ڈی ایچ کیو ٹی ایچ آر اور سی اور تمام بی ایچ یو کے عملہ کو فائر سیفٹی کی ٹریننگ دی گئی اور ہیٹ اسٹروک روڈ بیٹھی ڈینگی، کلین اینڈ گرین پاکستان، گیس لیکیج سموگ اور فوگ کے بارے میں آگاہی مہم اور سیمینارز بھی منعقد کروائے گئے۔



ایمرجنسی واقعات میں 12132 افراد کو ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد مختلف ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ مختلف حادثات و واقعات میں مجموعی طور پر 290 افراد جان کی بازی ہار گئے۔ یکرڈی پنجاب ریسکیو ڈاکٹر رضوان نصیر کی ہدایت پر حافظ آباد اور گردونواح میں کمیونٹی ایکشن فار ڈیزاسٹر رسپانس ٹریننگ میں 411 ریسکیو کیڈٹ کو ٹریننگ میں 1536 پاکستان لائف سیور پروگرام میں 1451 ریسکیو سکاؤٹس کو ایمرجنسی ریسکیو سروسز حاصل کرنے اور فرسٹ ایڈ کے طریقہ کے بارے میں آگاہی فراہم کی گئی اسکے علاوہ ڈسٹرکٹ کے تمام سرکاری ہسپتالوں جن میں ڈی ایچ کیو ٹی ایچ آر اور سی اور تمام بی ایچ یو کے عملہ کو فائر سیفٹی کی ٹریننگ دی گئی اور ہیٹ اسٹروک روڈ بیٹھی ڈینگی، کلین اینڈ گرین پاکستان، گیس لیکیج سموگ اور فوگ کے بارے میں آگاہی مہم اور سیمینارز بھی منعقد کروائے گئے۔

سرکاری اداروں کی نجکاری کسی صورت میں بھی قبول نہیں، میاں امجد علی



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) سرکاری اداروں کی نجکاری کسی صورت میں بھی قبول نہیں اس کو روکنے کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے ان خیالات کا اظہار پنجاب ٹیچرز الائنس پنجاب کے مرکزی چیئرمین میاں امجد علی نے ایک اعلیٰ سطح کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا تفصیلات کے مطابق پنجاب ٹیچرز الائنس پنجاب کا ہنگامی اجلاس مورخہ 20 دسمبر 2024 کو دن دو بجے 5 میکلوڈ روڈ لاہور میں زیر صدارت میاں امجد علی چیمہ مین PTA پنجاب منعقد ہوا، اجلاس میں اساتذہ کی مختلف تنظیموں کے قائدین سمیت نوائے اساتذہ پنجاب کے صدر پروفیسر ندیم احمد اشرفی، ایپکا پنجاب کے صدر چوہدری شفقت رسول سندھو، جنرل سیکرٹری میاں ممتاز، ایپکا لاہور ڈویژن کے صدر افتخار رسول سلہری (حاجی ارشاد گروپ) محمد علی جنرل سیکرٹری پاپولیشن پنجاب، فیاض مغل پریس سیکرٹری ایپکا پنجاب جبکہ انجمن اساتذہ کے سرپرست علامہ قاسم علوی اور صدر زاہد شریف نے ٹیلیفون پر خصوصی شرکت کی اور پنجاب ٹیچرز الائنس کے مطالبات کی بھرپور حمایت کی، شرکاء اجلاس نے فیصلہ کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب میڈم مریم نواز، وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات اور دیگر ارباب اختیار سے مطالبہ کیا گیا کہ تعلیم، صحت سمیت تمام سرکاری اداروں کی نجکاری کے فیصلے کو فوری ختم کیا جائے سکولوں سمیت دیگر کسی بھی ادارے کی نجکاری کسی بھی صورت قبول نہیں۔

سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کی 97 ویں سالگرہ کی خصوصی تقریب

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کی 97 ویں سالگرہ کی خصوصی تقریب 7 جنوری بروز منگل دن 11 بجے ڈسٹرکٹ بار حافظ آباد میں منعقد ہو گی۔ تقریب کی صدارت پیپلز پارٹی کے ضلعی رہنما، سابق صدر بار محمد ارشد مہند ایڈووکیٹ کریں گے جبکہ پیپلز پارٹی ویمن کی ضلعی صدر سابق صدر بار میڈم خالدہ شاہد ایڈووکیٹ، دیگر قائدین، وکلاء اور کارکن بھی شریک ہوں گے۔ اس موقع پر ذوالفقار علی بھٹو کی 97 ویں سالگرہ کا کیک کاٹا جائے گے اور ان کی قومی، ملی اور سیاسی خدمات کو بھرپور خراج عقیدت بھی پیش کیا جائے گا۔

مجلس ترحیم آج بروز ہفتہ ایک بجے دوپہر ہوگی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) معروف ماہر تعلیم و ذاکرہ اہلبیتؑ سیدہ شمیم اختر زیدی بنتِ نواب سید فرمان علی زیدی سونی پتی مرحوم زوجہ سید اطہر حسین رضوی کی برسی کی مناسبت سے مجلس ترحیم آج بروز ہفتہ ایک بجے دوپہر امام بارگاہ دربار حسینؑ جناح پارک شیخوپورہ میں منعقد ہوگی بعد از قرآن خوانی مولانا امجد علی عابدی خطاب کریں گے۔

شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے ٹریفک پولیس کو اہم ہدایات جاری

ٹرالیوں کے ڈرائیورز سموگ اور فوگ کے موسم کے دوران احتیاطی تدابیر اختیار کریں

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے کرشنگ سیزن کے دوران شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے ٹریفک پولیس کو اہم ہدایات جاری کر دی ہیں۔ ان ہدایات کا مقصد گنے کی ٹرالیوں کے ڈرائیورز کو ٹریفک قوانین کی پابندی، سموگ اور فوگ کے موسم کے دوران احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کے حوالے سے بھرپور آگاہی فراہم کرنا ہے۔ ڈی پی او نے زور دیا کہ ٹریفک پولیس کا سٹاف نہ صرف ڈرائیورز کو قوانین سے آگاہ کرے بلکہ گنے کی ٹرالیوں پر ریفلیکٹرز لگانے کو بھی یقینی بنائے تاکہ دھند میں حدِ نگاہ کی کمی کے باعث حادثات سے بچا جاسکے۔ ڈی پی او نے کہا کہ گنے کی ٹرالیوں پر واضح ریفلیکٹرز کی تنصیب کو یقینی بنایا جائے۔ ڈرائیورز کو دورانِ سفر اوورلوڈنگ سے اجتناب کی تلقین کی جائے۔ سموگ اور فوگ کے موسم میں روشنی کے مناسب استعمال کی اہمیت کو اجاگر کیا جائے۔ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی جائے۔

سرکاری دفاتر میں شفافیت کو برقرار رکھنے کے لیے ضلعی انتظامیہ کی کاروائیاں جاری

پٹواریوں کو سرکاری فنڈز میں خورد برد کرنے پر سرکاری نوکری سے برخاست کرنے کے احکامات جاری کردیئے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، چیف سیکرٹری پنجاب اور کمشنر لاہور کی خصوصی ہدایت پر سرکاری دفاتر میں شفافیت کو برقرار رکھنے کے لیے ضلعی انتظامیہ کی کاروائیاں جاری ہیں ڈپٹی کمشنر نے تحصیل شیخوپورہ میں تعینات دو پٹواریوں کو سرکاری فنڈز میں خورد برد کرنے پر سرکاری نوکری سے برخاست کرنے کے احکامات جاری کر دیے سائلین کی جانب سے پٹواریوں کے خلاف متعدد بار شکایات درج کروائی گئیں جس کی بنا پر انکوائری کمیٹی تشکیل دی گئی، ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ کے مطابق انکوائری کمیٹی نے جانچ پڑتال کر کے پٹواری امانت علی اور پٹواری عبدالوہاب کو قصور وار ثابت کیا انکوائری کمیٹی کی جانب سے موصول ہونیوالی رپورٹس پر ایکشن لیتے ہوئے پٹواریوں کو نوکری سے برخاست کیا گیا ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ کسی بھی سرکاری ادارے میں کرپشن برداشت نہیں کی جائے گی۔

نارنگ منڈی: اوور چارجنگ جاری رکھنے کیلئے من مرضی کی قیمتیں

انتظامیہ منافع خوروں کے خلاف کارروائی کرنے میں ناکام، حکومتی ایس او پیز ہوا میں

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) انتظامیہ کی ناکامی اوور چارجنگ جاری کھانے پینے سمیت ہر چیز کی قیمتیں من مرضی کی وصول کوئی پوچھنے والا نہیں ہے انتظامیہ منافع خوروں کے خلاف کارروائی کرنے میں ناکام جس کی وجہ سے دوکاندار اپنی مرضی کی قیمتیں وصول کرتے ہیں کھانے پینے کی دوکانوں سمیت ہر کوئی اپنی من مرضی کر رہا ہے پھل سبزیوں گوشت سمیت ضروریات زندگی کی تمام اشیاء کی سرکاری نرخ نامہ سے زائد قیمت پر فروخت کی جارہی ہیں حکومتی احکامات اور ایس او پیز کو ہوا میں اڑا دیا گیا ہے اہل علاقہ نے اسسٹنٹ کمشنر مرید کے میاں توصیف حسن سے مطالبہ کیا ہے ناجائز منافع خوروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے تاکہ عوام کو اجارہ داری کی تمام اشیاء عام مارکیٹ سے سستے داموں مل سکیں۔

شیخوپورہ: چوک چوراہوں میں قائم تجاوزات کو ہٹانے کیلئے عملہ تہہ بازاری کے ہمراہ آپریشن

شہر بھر سے پختہ وعارضی تجاوزات کو ہٹا کر راستوں کو کشادہ کر دیا، ایڈمنسٹریٹر

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی نعمان ڈوگر نے روڈ ز و بازاروں اور چوک چوراہوں میں قائم تجاوزات کو ہٹانے کیلئے عملہ تہہ بازاری کے ہمراہ آپریشن کیا اور شہر بھر سے پختہ وعارضی تجاوزات کو ہٹا کر راستوں کو کشادہ کیا جس سے شہریوں کو آمدورفت میں لاحق دشواریوں کا خاتمہ ہوا جبکہ ایڈمنسٹریٹر نعمان ڈوگر نے چیف آفیسر ملک منشاء جاوید کے ہمراہ بھلھی روڈ پر غیر قانونی تعمیر ہونے والی عمارت کو سیل کروادیا اور انفورسمنٹ انسپکٹرز اور بلڈنگ انسپکٹرز کو وارننگ جاری کی کہ وہ اپنا قبلہ درست کریں وگرنہ ان کے خلاف کڑی محکمانہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اسی طرح عملہ تہہ بازاری کے انسپکٹر اکرام اللہ ورک نے کاروائیاں کرتے ہوئے تجاوزات قائم کرنے والوں کے خلاف 80 سے زائد مقدمات درج کروائے انہوں نے تجاوزات کے خاتمہ کے آپریشن میں ریلوے روڈ اور مین لاہور سرگودھا روڈ پر سے تجاوزات کو ہٹا کر راستوں کو کشادہ کیا مذکورہ آپریشن روزانہ کی بنیاد پر جاری رکھا جائے گا۔

حافظ محمد ارشد جنجوعہ انتقال کر گئے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کولو تارڑ کے رہنما حافظ محمد ارشد جنجوعہ انتقال کر گئے۔ مرحوم کے قل شریف کا ختم کولو تارڑ میں ہوا۔ جس میں پی پی پی کے کارکنوں کے علاوہ معززین علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

ڈپٹی ڈائریکٹر لیبر سیالکوٹ گورنمنٹ کی مقرر کردہ تنخواہ دلوانے میں ناکام۔ آصف خان



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ڈپٹی ڈائریکٹر لیبر سیالکوٹ طیب ورک سرکاری طور پر محنت کش کی کم از کم ماہانہ اجرت 37000 روپے فیکٹری و کارخانہ مالکان سے دلوانے میں ناکام ہو گئے۔ محنت کش و مزدور طبقہ مزدوری کی گورنمنٹ پالیسی کے مطابق تنخواہ نہ ملنے کے باعث ہوشربا مہنگائی کے دور میں کسمپرسی کی زندگی بسر کرنے لگے۔ ان باتوں کا اظہار صدر پاکستان ورکرز فیڈریشن چوہدری محمد اشرف اور سیکرٹری جنرل پاکستان ورکرز فیڈریشن آصف خان نے مختلف یونین عہدیداران کے ساتھ خصوصی میٹنگ کے دوران خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈپٹی ڈائریکٹر لیبر سیالکوٹ طیب ورک کی راتوں کے اوقات میں فیکٹری مالکان کیساتھ مبینہ ملاقاتوں کے بھیانک نتائج مزدوروں کے چولہے ٹھنڈے ہونے اور محنت کشوں کو خودکشیوں پر مجبور کر رہے ہیں۔ پاکستان ورکرز فیڈریشن کا چیف جسٹس آف پاکستان، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ و وزیر اعلیٰ پنجاب و متعلقہ وزیر سے نوٹس لیتے ہوئے ڈپٹی ڈائریکٹر لیبر سیالکوٹ کی انکوائری کرانے کا مطالبہ۔

پاکستان آرمی کے اشتراک سے قومی ٹیلنٹ ہنٹ انڈر 16 فٹبال مقابلوں کا انعقاد کیا جارہا ہے، نبیلہ چیمہ

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر حافظ آباد نبیلہ چیمہ کا کہنا ہے کہ پاکستان آرمی کے اشتراک سے قومی ٹیلنٹ ہنٹ انڈر 16 فٹبال مقابلوں کا انعقاد کیا جارہا ہے ان مقابلوں حافظ آباد ضلع کے انڈر 16 کھلاڑی شرکت کرسکیں گے۔ مقابلوں میں شرکت کے لیے حافظ آباد اور پنڈی بھٹیاں کے تحصیل سپورٹس افسران کے دفاتر میں کھلاڑی اپنی رجسٹریشن کرواسکتے ہیں۔ ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر کا کہنا تھا کہ فٹ بال کے فروغ اور نئے ٹیلنٹ کی تلاش کے لیے یہ پروگرام اور مقابلے منعقد کروائے جائیں گے، تاکہ زیادہ سے زیادہ نوجوان کھلاڑی اپنا ٹیلنٹ اور جوہر دکھاسکیں۔ انکا کہنا تھا کہ ایسے تمام کھلاڑی جن کی تاریخ پیدائش یکم جنوری 2010 کے بعد کی ہے، وہ اس ٹیلنٹ ہنٹ مقابلوں میں حصہ لے سکیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹورنامنٹ جیتنے والی ٹیموں کو انعامات بھی دیئے جائیں گے۔

جرائم پیشہ افراد معاشرے کا ناسور ہیں، ڈی آئی جی پٹرولنگ پولیس

دیمک کو ختم کرنے کے لیے ان کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی



سالانہ کارکردگی رپورٹ جاری کردی۔ اس بہترین کارکردگی میں شفٹ انچارجز محمد رزاق Asi مہر اللہ یار Hc، ذیشان اصغر Hc کی کاوش شامل ہے۔ پٹرولنگ پوسٹ 64/4R نے سال 2024 میں مختلف قسم کے 81 مقدمات درج کروائے۔ چوری شدہ موٹر سائیکل برامدگی پر 6 مقدمات ناجائز اسلحہ برامدگی پر مسلل 8 عدد رائفل 2 عدد 64 گولیاں 15 عدد کارتوس برامد کرنے پر 19 مقدمات۔ شراب برامدگی 165 لیٹر پر 14 مقدمات۔ غیر قانونی ایل پی جی استعمال کرنے پر 2 مقدمات۔ تیز رفتاری پر 20 مقدمات۔

کمبر اوکاڑہ چھاونی ((عاطف بشیر محمد اصغر بھٹی) جرائم پیشہ افراد معاشرے کا ناسور ہیں جو کہ ہمارے معاشرے کو دیمک کی طرح چاٹ رہے ہیں اور ہمیں کھوکھلا کر رہے ہیں ان کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی پٹرولنگ پولیس الطاہر وحید ایس پی پٹرولنگ پولیس ملتان ریجن محمد سلیم خان نیازی کے احکامات کی روشنی میں اور ڈی ایس پی پٹرولنگ پولیس ساہیوال غازی سعید احمد خان لودھی کی زیر نگرانی عاطف بشیر ایس آئی، انچارج پٹرولنگ پوسٹ 64/4R ساہیوال نے

پوری دنیا انفارمیشن ٹیکنالوجی کی مدد سے ترقی پر گامزن ہے، چوہدری عدنان

حالات اس وقت یہ ہے نوجوان نسل ڈگریاں لے کر بے روزگار ہے

پاکپتن (محمد عمران تجنوعہ) پوری دنیا انفارمیشن ٹیکنالوجی کی مدد سے وسائل کو استعمال کرتے ہوئے ترقی کی راہ پر گامزن ہے ان خیالات کا اظہار پاکپتن کے معروف بزنس مین و آئی ٹی ایکسپرٹ چوہدری عدنان احمد نے کیا انہوں نے کہا کہ پاکستان میں آئی ٹی کے فروغ کے لیے کوئی خاص اقدامات نہ اٹھائے گئے ہیں نوجوان نسل کو انفارمیشن ٹیکنالوجی کے استعمال سے آگاہ کر کے ملک میں مزید بہتری ترقی اور خوشحالی لائی جاسکتی ہے حالات اس وقت یہ ہے نوجوان نسل ڈگریاں لے کر بے روزگار ہے حکومت کو چاہیے کہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کی سکلز نوجوانوں میں ڈویلپ کی جائے تاکہ وہ ملکی ترقی میں اپنا کردار ادا کرسکیں کچھ ادارے کمپیوٹر کے مختلف پروگرام کے کورس تو کروا رہے ہیں مگر وہاں پر طالب علم انفارمیشن ٹیکنالوجی سے آگاہ نہیں ہو پاتے جس کی وجہ سے جب وہ فیلڈ میں آتے ہیں تو انہیں ورک کا کوئی علم ہی نہیں ہوتا نوجوان نسل خاص طور پر پڑھا لکھا طبقہ پاکستان کا وہ ہتھیار ہیں جن کو استعمال کر کے ملک کو ترقی کی راہ پر لایا جاسکتا ہے حکومت کو چاہیے کہ نوجوان نسل میں زیادہ سے زیادہ سکلز کو ڈویلپ کرے تاکہ پاکستان زیادہ سے زیادہ ترقی کرسکے۔

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ڈی پی او کے ہمراہ کھلی کچہری

پولیس حکام سمیت دیگر افسران اور اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کا ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد راشد ہدایت کے ہمراہ جامعہ مسجد ریاض العثمانیہ گلشن اقبال ٹاؤن اوکاڑہ میں کھلی کچہری کا انعقاد اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب، اسسٹنٹ کمشنر اجمن ممتاز، چیف آفیسر ضلع کونسل رانا نوید، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی عمر نسیم، پولیس حکام سمیت دیگر افسران اور اہل علاقہ کی کثیر تعداد بھی موجود تھی دونوں افسران نے نماز جمعہ کے بعد عوام کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لیے متعلقہ محکموں کے افسران کو احکامات جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مساجد میں عوامی مسائل کی سنوائی اسلامی تعلیمات کی روایات میں شامل ہیں جامع مسجد میں عوام کے درمیان ان کے مسائل کے حل کے لیے خدمات پر خوشی محسوس ہو رہی ہے انہوں نے کہا کہ عوام کی فوری دادرسی کے لیے ڈپٹی کمشنر آفس کے دروازے ہمہ وقت کھلے ہیں عوام الناس بلا روک ٹوک کے اپنے مسائل کے حل کے لئے آسکتے ہیں۔

ایس ایچ او اخلاق احمد نول کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن

دو منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے قبضہ سے 1 کلو 880 گرام چرس برآمد کر لی



جھنگ (بیورو رپورٹ) ایس ایچ او اخلاق احمد نول کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری دو منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے قبضہ سے 1 کلو 880 گرام چرس برآمد کر لی ہے تفصیلات کے مطابق ڈی پی او انویسٹی گیشن (ر) بلال افتخار کیانی کی ہدایات کی روشنی میں ایس ایچ او تھانہ سٹی جھنگ اخلاق احمد نول کی زیر نگرانی اے ایس آئی فخر عباس نے کاروائیاں کرتے ہوئے بستی نور پورہ کا رہائشی ثاقب ظفر منشیات فروش کو منہاج القرآن چوہدری کالونی سے گرفتار کر کے 1 کلو 340 گرام چرس اور دوسری کاروائی سرکاری گرلز کالج کے قریب میں کی جہاں پر باب علی گیٹ کے رہائشی اسلمناہی منشیات فروش کو گرفتار کر کے 540 گرام چرس برآمد کر لی جبکہ اے ایس آئی محمد شہباز نے سیکورٹی کانسٹیبل کی اطلاع پر بلاقی شاہ کے قریب کوٹ خیرا کے رہائشی بابر علی کو گرفتار کر کے قبضہ سے ناجائز اسلحہ پسٹل برآمد کر لیا ہے۔

30 سالہ ملزم کی چوتھی جماعت کی کمسن طالبہ کے ساتھ مبینہ زیادتی کی کوشش

اے ایس پی موقع پر پہنچ گئے ملزم کو گرفتار کروا دیا، ملزم وارداتوں کا عادی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں 30 سالہ ملزم کی چوتھی جماعت کی کمسن طالبہ کے ساتھ مبینہ زیادتی کی کوشش، اے ایس پی سید دانیال حسن موقع پر پہنچ گئے۔ انہوں نے اپنی نگرانی میں ملزم عبدالرشید کو گرفتار کروا دیا ملزم بچیوں کے ساتھ اس نوعیت کی وارداتوں کا "عادی" بتایا جاتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ شیر نگر میں 30 سالہ شادی شدہ اور 4 بچوں کے باپ ملزم عبدالرشید نے چوتھی جماعت کی طالبہ "ع" بی بی کے ساتھ مبینہ زیادتی کی کوشش کی پکی کے شور ڈالنے پر ملزم فرار ہو گیا۔ وقوعہ کی اطلاع ملتے ہی ڈی پی او محمد راشد ہدایت کے احکامات پر اے ایس پی سید دانیال حسن موقع پر پہنچ گئے۔ انہوں نے اپنی نگرانی میں ملزم عبدالرشید کو گرفتار کروا دیا جس کے خلاف تھانہ شیر گڑھ میں مقدمہ درج کر لیا گیا۔ اے ایس پی سید دانیال حسن نے بتایا کہ مقامی پولیس کے بقول ابتدائی تفتیش میں یہ بات سامنے آئی کہ ملزم کم سن بچیوں کے ساتھ اس نوعیت کی وارداتوں کا عادی بتایا جاتا ہے پولیس مصروف تفتیش ہے۔

ظفروال پولیس کی کاروائی بدنام زمانہ منشیات فروش عامر افتخار گرفتار

ملزم سے 1220 گرام چرس برآمد۔ مقدمہ درج



ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق گذشتہ روز SHO تھانہ ظفروال آصف نوید Si ہمراہ اپنی ٹیم بسلسلہ گشت وتلاش بدرویہ گان درمان چوک ظفروال موجود تھے کہ اس دوران ایک مشکوک شخص پولیس کو دیکھ کر تیز تیز قدموں سے چلنے لگا پولیس نے مشکوک شخص کو پکڑ کر تلاشی لی تو ملزم سے 1220 گرام چرس برآمد ہوئی نام و پتہ معلوم کرنے پر ملزم نے اپنا نام عامر افتخار ولد افتخار نواز ساکن روپوچک حال مقیم محال جلالپور ظفروال بتایا پولیس تھانہ ظفروال نے ملزم کے خلاف زیر دفعہ 9c مقدمہ درج کر کے ملزم کو پابند سلاسل کر دیا۔ SHO تھانہ ظفروال آصف نوید نے کہا کہ منشیات فروش کسی رعایت کے مستحق نہیں یہ معاشرے کے ناسور ہیں۔ ملزم کتنا ہی بااثر کیوں نہ ہو اس کے خلاف بلاتفریق کاروائی ہو گی۔ DPO نارووال ملک نوید کی واضح ہدایت اور SDPO سرکل ظفروال طاہر بشیر کی زیر نگرانی منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہیگا اور ان شاء اللہ منشیات فروشوں کا خاتمہ کر کے ہی دم لونگا

کندن سیان تا گوجرہ روڈ خستہ حالی کا شکار 2 کلومیٹر کی تعمیر کے بعد سڑک کا کام ٹھپ



ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) کندن سیان تا گوجرہ روڈ خستہ حالی کا شکار 2 کلو میٹر کی تعمیر کے بعد سڑک کا کام ٹھپ مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا تفصیلات کے مطابق کندن سیان تا گوجرہ روڈ عرصہ دراز سے عوامی نمائندوں کی عدم توجہی کی وجہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے جہاں سے دیگر ٹرانسپورٹ تو کیا موٹر سائیکل پر سفر کرنا بھی دشوار ہو چکا ہے جس کی وجہ سے چوری ڈکیتی کی وارداتیں معمول بن گئی ہیں متعدد بار اس سڑک کی از سر نو تعمیر کے نام پر ووٹ لیے گئے لیکن برسر اقتدار آنے پر سب وعدے ماضی کا حصہ بن گئے چند ماہ قبل گوجرہ کی جانب سے اس سڑک کی تعمیر شروع کی گئی مگر 2 کلو میٹر کی تعمیر کے بعد ہی کام ٹھپ ہو گیا جس سے عوامی حلقوں میں تشویش پائی جارہی ہے علاقہ مکینوں سیٹھ مٹھو، سابق کونسلرز امان اللہ سیان، احسان اللہ سیان اور پیر زاہد محمود نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے

خورشید بی بی فری ڈسپنسری دھدو بسراء پر فری میڈیکل کیمپ

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) خورشید بی بی فری ڈسپنسری دھدو بسراء پر فری میڈیکل کیمپ لگایا گیا جس میں ڈاکٹر ثاقب بشیر بسراء فیملی فزیشن، ڈاکٹر عمر ریاض رانجھا میڈیکل سپیشلسٹ نے مریضوں کا فری چیک اپ کیا اور فری میڈیسن دی اس موقع پر محمد اسلم بسراء قادری سرپرست منہاج القرآن ضلع سیالکوٹ بی نے کہا کہ شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری کا پوری دنیا میں یہی پیغام ہے دین اسلام امن کا دین ہے انسانیت کی خدمت کا دین ہے خدمت انسانیت میں رنگ اور نسل مذہب اور مسلک کو نہیں دیکھا جاتا عوام کی خدمت سے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی قربت حاصل ہوتی ہے شہریوں کی بڑی تعداد نے چیک اپ اور فری میڈیسن حاصل کی ڈاکٹر ثاقب بشیر بسراء اور محمد اسلم بسراء قادری نے کہا کہ ان شاء اللہ بہت جلد ایک بہت بڑا فری میڈیکل کیمپ کا اہتمام کریں گے جس میں تقریبا 10 مختلف امراض کے ماہر ڈاکٹرز تشریف لائیں گے اور موقع پر ہی ٹیسٹ بھی ہونگے عوام الناس نے خورشید بی بی فری ڈسپنسری کی پوری ٹیم کو مبارک باد پیش کی اور ڈاکٹرز کا شکریہ ادا کیا

تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ کی حدود میں ڈاکو بے لگام شہری خوف و ہراس میں مبتلا رہنے لگے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ کی حدود میں ڈاکو بے لگام شہری خوف و ہراس میں مبتلا رہنے لگے گزشتہ شب ڈکیتی کی وارادات میں آتشیں اسلحہ سے مسلح ڈاکو گن پوائنٹ پر جیولرز کی دوکان سے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات چھین کر فرار ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ کی حدود کچہری بازار میں واقع جیولرز کی دوکان میں آتشیں اسلحہ سے مسلح نامعلوم ڈاکو داخل ہوئے اسلحہ کے زور پر دوکاندار کو یرغمال بنا کر گن پوائنٹ پر دوکان سے 70 لاکھ روپے مالیت کے طلائی زیورات چھین کر فرار ہو گئے۔ پولیس تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ نے کاروائی کا آغاز کر دیا ہے۔

اشتہاری ملزمان پولیس کو چکما دیکر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) اشتہاری ملزمان پولیس کو چکما دیکر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے پولیس کو مخبر خاص نے اطلاع دی کہ پولیس کو مطلوب اشتہاری ملزمان بابر اور آصف اس وقت بوبکا نوالہ اور اوٹھیاں میں عدنان حسین اور امیر حمزہ کیساتھ موجود ہیں پولیس نے اشتہاری ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپہ مارا تو انہوں نے پولیس آگہی کا شور مچا دیا جس پر اشتہاری ملزمان پولیس کو چکما دیکر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

مسلح ڈاکو نے نوجوان سے نقدی اور موبائل فون چھین لیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مسلح ڈاکو نے نوجوان سے نقدی اور موبائل فون چھین لیا ڈسکہ کا اسوہ گلہ تیلیانوالہ سے جارہا تھا کہ اس کو موٹر سائیکل سوار مسلح ڈاکو نے روک لیا اور اس سے نقدی اسی ہزار روپے اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گیا پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

ڈسکہ: ریسکیو 15 پر قتل کی بوگس کال چلانے پر مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ریسکیو 15 پر قتل کی بوگس کال چلانے پر مقدمہ درج تھانہ مرتوہ کے علاقہ جامکے چیمہ کے کاشف نے ریسکیو 15 پر کال چلائی کہ ہمارے گاؤں میں کسی نے فائرنگ کر کے قتل کر دیا ہے پولیس نے جا کر چیک کیا تو وقوعہ کی تصدیق نہ ہو سکی پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

42 سال سروس کے بعد ریٹائرڈ ہونے والے نائب قاصد کے اعزاز میں تقریب

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج راجہ غضنفر علی خان و دیگر نے ویلکم کہا اور الوداع کیا



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اوکاڑہ میں 42 سال سروس کے بعد ریٹائرڈ ہونے والے نائب قاصد کو والہانہ طریقے سے رخصت کیا گیا ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج راجہ غضنفر علی خان، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج رانا محمد اشفاق، سٹاف آفیسر محمد احسن فرید لنگاہ اور دیگر سینئر اہلکاروں نے ریٹائرڈ ہونے والے نائب قاصد محمد رمضان کو پھولوں کے ہار پہنائے تحائف دیکیا وراس پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں نائب قاصد اپنی رخصتی کا والہانہ انداز دیکھ کر اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکا اور خداوند کریم کا شکر بجالایا۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج اور سٹاف آفیسر نے ریٹائرڈ نائب قاصد کو گلے لگایا اسکے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا بعد ازاں محمد رمضان نائب قاصد کو جج صاحب کی گاڑی میں وی آئی پی پروٹوکول کے ہمراہ گھر کے لئے رخصت کیا گیا۔ اس موقع پر سٹاف آفیسر محمد احسن فرید لنگاہ کا کہنا تھا کہ نائب قاصد محمد رمضان جیسے ملازمین کا کوئی بھی ڈیپارٹمنٹ ہو بڑا اہم کردار ہوتا ہے محمد رمضان کی ڈسٹرکٹ جوڈیشری اوکاڑہ میں بے داغ سروس دوسرے اہلکاران کیلئے مشعل راہ ہے۔

جدید ٹیکنالوجی کا موثر استعمال: 8 لاکھ مالیت کا مال مسروق

''قوت'' کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت

تمام اشتہارات ٹیکہ نہیں کیے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

بقیہ — **1**

نے کہا کہ پاکستان میں کوئی معلوم سے سول نافرمانی تحریک سے لوگوں کو مشکلات میں ہیں۔ سیکرٹری اطلاعات پی ٹی آئی کا کہنا تھا کہ جن کے پاس عوامی مینڈیٹ نہیں تھا وہ دھرنے دے رہے تھے، انہوں نے کہا کہ ملکی ترقی کے خلاف ورزی کی گئی، سول کا ملٹری ٹرائل کیا گیا، انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف سمجھتی ہے کہ پوری ملک کی سیاسی جماعت ہے، سول نافرمانی تحریک کی وہ واحد ہے جو ریلیف دیکھائی دے رہی ہے، ڈاکٹرز میں جو طالبات ہیں وہ بھی ریلیف کے لیے سول نافرمانی تحریک میں شرکت کریں گی، انہوں نے کہا کہ ملکی ترقی کا کوئی چکر چلیں، کارکنوں کی رہائی کوئی خبر سنائیں، انہوں نے کہا 6 تاریخ کو پوری قیمت پر سول نافرمانی کی جائے گی۔

بقیہ — **2**

بات چیت کی، انہوں نے کارکنان کی رہائی اور جوڈیشل کمیشن کے مطالبات کیے، پی ٹی آئی کے دوستوں نے پی ٹی آئی سے مشاورت کیلئے وقت مانگا ہے۔ ایک اور چانس جمہوریت سے منسلق سول پرستار وزیراعظم اپوزیشن لیڈر سے ملاقات کی کہ ملک کو مزید چانس نہ دیں گے، انہوں نے مزید کہا کہ ملک میں تمام ادارے اپنی حدود میں رہ کر کام کریں، ہم سب کو مل کر ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہوگا، ہم سب کو مل کر ملک کو آگے لے جانا ہے، اجارہ داری کا دور ختم ہوگیا ہے، ہم سب کو مل کر ملک کو آگے لے جانا ہے، ہم سب کو مل کر ملک کو آگے لے جانا ہے، ہم سب کو مل کر ملک کو آگے لے جان

روزنامہ "قوت" لاہور (8) ہفتہ 4 جنوری 2025ء

پلاسٹک بیگز پر عملدرآمد کے لئے سختی کریک ڈاؤن کیا جائے، ہم ماحول دشمن اور ماحول دوست میں فرق کرنا چاہتے ہیں

محکمہ تحفظ ماحول نے 2 جنوری تک 40 ٹن غیر قانونی پلاسٹک ضبط کیا، ضبط پلاسٹک سے طلباء کو کرسیاں فراہم کی گئیں، ماڈل بازار میں پلے ایریا بنایا گیا

آئندہ دنوں میں اس سے گٹروں کے ڈھکن بنائے جائیں گے، پلاسٹک پر پابندی ماحولیاتی تحفظ کیلئے ناگزیر ہے اس کیلئے سب کو تعاون کرنا ہوگا

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر پلاسٹک پر پابندی پر عملدرآمد کے لئے سخت کریک ڈاؤن جاری ہے جگہ جگہ تحفظ ماحول کے 5 جون 2024 سے 2 جنوری تک 40 ٹن غیر قانونی پلاسٹک ضبط کیا، پلاسٹک سے لاہور اور فیصل آباد کے ان کرسیوں کی تعداد 5 ہزار ہے جو کہ پرائمری سکولوں بچوں کے لیے ہی پلاسٹک سے پلے ایریا بنایا گیا، ضبط شدہ پلاسٹک سے پیچر اور کنستری فاسٹنر بنانے کی تجاویز سامنے آئی ہیں، آکسیجن پلانٹ بھی لگائے جائیں گے، ہماری کوشش ہے کہ ہر شہری کو 10 درخت لگانے کا ٹارگٹ دیا جائے، ہم ماحول دشمن اور ماحول دوست میں فرق کرنا چاہتے ہیں، ہم ماحول دوست ہیں، ہم ماحول دشمن نہیں ہیں، ہم ماحول دشمن کو ماحول دوست بنانا چاہتے ہیں، ہم ماحول دشمن کو ماحول دوست بنانے کی کوشش کر رہ